

# اسلام دینِ امن

## مغرب کے الزامات کا علمی جائزہ

ڈاکٹر ذاکر نائیک

مترجم: سید خالد جاوید مشہدی



BEACON BOOKS

Marfat.com

DATA ENTERED

# اسلام دینِ امن

(مغرب کے اعتراضات کا علمی جائزہ)

ڈاکٹر ذاکر نائیک

مترجم: سید خالد جاوید مشہدی

بیکن بُکس
BEACON BOOKS
• میاں چیمبرز۔3 ٹیمپل روڈ لاہور فون: 042-6365721 6366079
• گلگشت کالونی، ملتان فون: 061-6520790-6520791
E-mail:info@beaconbooks.com.pk
Web: www.beaconbooks.com.pk

Marfat.com

یہ کتاب اور اس کا اردو ترجمہ IRF کی باقاعدہ تحریری اجازت سے شائع کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا کوئی بھی حصہ بیکن بکس سے باقاعدہ تحریری اجازت لیے بغیر کہیں بھی شائع نہ کیا جائے۔ اگر اس قسم کی کوئی بھی صورت حال پیدا ہوتی ہے تو پبلشر کو قانونی کاروائی کا حق حاصل ہوگا۔

۲۹۷٫۶۴۹
ذ ا ا س
۱۴۵۷۷
ا ر

اشاعت : 2008ء

عبدالجبار نے

حاجی حنیف اینڈ سنز پرنٹنگ پریس لاہور

سے چھپوا کر بیکن بکس ملتان-لاہور

سے شائع کی۔

قیمت : -/110 روپے

ISBN: 978 - 969 - 534 - 145 - 2

Marfat.com

# فہرست

مضامین | صفحہ نمبر

**1-اللہ تعالیٰ ...... رحمٰن الرحیم** ........ 7
**2-اسلام نظام کائنات کی بنیاد ہے** ........ 9
اسلام محض دین نہیں ........ 10
**3-اسلام کی حقیقت اور مقاصد** ........ 11
اسلام میں مذہبی آزادی ........ 12
حضرت عمرؓ کا بیت المقدس میں معاہدہ ........ 13
**4-اسلام جبر کا قائل نہیں** ........ 15
اسلام کو دل سے قبول کرنا مسلمان ہونے کی شرط ہے ........ 16
اسلام کی خاطر ہجرت کیوں کی گئی؟ ........ 17
اللہ تعالیٰ نے انسان کو مذہب کا انتخاب کرنے کی آزادی دی ہے ........ 17
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مکہ میں کون سی فوج تھی؟ ........ 17
ہجرت مدینہ کے بعد وفود کی آمد ........ 18
اگر جہاد ہی واحد راستہ ہوتا ........ 18
مسلمان حکمرانوں کا طرز عمل ........ 19
اسلامی قوانین تلوار کے استعمال کی اجازت نہیں دیتے ........ 19
''آزادی'' کے بعد جبری طور پر مسلمان بنائے جانے والے مرتد کیوں نہ ہوئے؟ ... 20

Marfat.com

**5-جہاد۔اسلامی نقطہء نظر سے** ........ 21

اللہ کیلئے جہاد ........ 21

اللہ کے راستے میں جہاد کی مختلف جہتیں ........ 21

جہاد کے مختلف مراحل ........ 23

**6-جہاد سے متعلق غلط تصورات** ........ 24

جہاد کے پہلے مرحلے کا آغاز ........ 24

میثاق مدینہ کی اہمیت ........ 26

مسلمانوں اور کفار میں ہونے والی جنگیں ........ 27

جہاد صحیح مقصد کیلئے ہی جائز ہے ........ 29

تحفظ کے طلب گار غیر مسلموں کی حفاظت لازمی ہے ........ 30

اسلام جارحیت کو پسند نہیں کرتا ........ 31

اگر دشمن مائل بہ مصالحت ہو تو مسلمانوں پر صلح لازم ہے ........ 31

مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مابین معاہدے کی پابندی ضروری ہے ........ 31

مسلمانوں کا صلح جو غیر مسلم رشتہ داروں سے برتاؤ کیسا ہو؟ ........ 32

اسلام کی نظر میں تمام عبادت گاہیں محترم ہیں ........ 33

اللہ کی نظر میں انسانیت کی اہمیت سب سے زیادہ ہے ........ 34

**7-اسلام میں جہاد کا مقام** ........ 36

**8-اللہ کی راہ میں جہاد کے قوانین وضوابط** ........ 37

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات جنگ ........ 38

میدان جنگ میں مسلمانوں کی طرف سے رحم دلی کا مظاہرہ ........ 39

اسلام انصاف کے لئے لڑنے کا حکم دیتا ہے ........ 39


Marfat.com

9-محمد صلی اللہ علیہ وسلم...... رحمۃً لِّلعالمین ........ 41
فتح مکہ کے موقع پر ........ 42
منافق اور مشرکین بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحم دلی سے فیض یاب ہوتے تھے ........ 43
اسلام اپنے پیروکاروں کو جانوروں پر بھی رحم کرنے کا حکم دیتا ہے ........ 44
استفسارات اور ان کے جوابات ........ 45
مسلمان ہی دہشت گرد اور انتہا پسند کیوں؟ ........ 47
1۔لفظ بنیاد پرست کی تعریف ........ 47
2۔تمام بنیاد پرست ایک جیسے نہیں ہوتے ........ 48
3۔مجھے بنیاد پرست مسلمان ہونے پر فخر ہے ........ 48
4۔بنیاد پرستی کی اصطلاح پہلی بار مسیحیوں کیلئے استعمال کی گئی ........ 48
5۔ہر مسلمان کو "دہشت گرد" ہونا چاہیے ........ 49
6۔ایک دور کے دہشت گرد دوسرے دور میں محبِّ وطن ہیرو بن جاتے ہیں ........ 49
7۔اسلام کا مطلب امن اور سلامتی ہے ........ 50
کیا اسلام تلوار کے زور پر پھیلا؟ ........ 50
1۔اسلام کا مطلب ........ 50
2۔بعض اوقات طاقت کا استعمال بھی ضروری ہوتا ہے ........ 50
3۔مورخ ڈی لیسی اولیری کی رائے ........ 51
4۔سپین میں اسلامی حکومت کے 800 سال ........ 51
5۔ایک کروڑ، 40 لاکھ عرب پیدائشی عیسائی ہیں ........ 51
6۔بھارت کی 80 فیصد سے زیادہ غیر مسلم آبادی ........ 52
7۔انڈونیشیا اور ملائشیا کے مسلمان ........ 52
8۔افریقہ کا مشرقی ساحل ........ 52


Marfat.com

9۔تھامس کارلائل کی رائے..................... 52
10۔اسلام میں کوئی جبر نہیں..................... 53
11۔حکمت اور دانائی کی تلوار ہی کاٹ کرتی ہے..................... 53
12۔نصف صدی میں مذاہب عالم کے پیروکاروں میں اضافے کا جائزہ........ 53
13۔یورپ اور امریکہ میں سب سے زیادہ تیزی سے پھیلنے والا مذہب اسلام ہے... 54
14۔ڈاکٹر جوزف آدم پیئرسن کے تاثرات..................... 54
کیا قرآن غیر مسلموں کے قتل پر اکساتا ہے؟(نعوذ باللہ)............ 54
مشرکین کا قتل کس وقت جائز ہے؟..................... 55
قرآن میں مشرکوں کو پناہ دینے کا حکم بھی ہے..................... 56
کیا ذبح کرنے کا اسلامی طریقہ ظالمانہ ہے؟..................... 58
کیا مسلمانوں میں گوشت خوری انتہا پسندی کا باعث ہے؟............ 59
قرآن کے مطابق نقصان دہ چیزیں ہی ممنوع کی گئی ہیں............ 59
وحشی درندوں کے گوشت سے متعلق فرمان نبویؐ..................... 60

Marfat.com

1

# اللہ تعالیٰ......رحمٰن الرحیم

اللہ تعالیٰ کی ذات بنی نوع انسان کے لئے بے پایاں رحمت اور فیض کا منبع ہے۔ اس کائنات کا وجود میں آنا ہی اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کا مظہر ہے ورنہ یہ محض ابہام یا......ہی ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنے رحیم وکریم ہونے کی نوید دی۔ مسلمان ہر نیک کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کلمات ادا کر کے اپنے لئے خدائے بزرگ وبرتر کی رحمت اور کرم کے طلب گار ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا انسانوں پر اس سے بڑا انعام کیا ہوسکتا ہے کہ اس نے ایک طے شدہ نصاب حوالے کیا کہ جس پر کما حقہٗ عمل کر کے انسان اپنے خالق کی خوشنودی حاصل کرسکتا ہے اور اس کے بدلے میں اس حیات فانی اور پھر اس کے بعد حیات جاودانی میں رحمت خداوندی کے لامحدود خزانوں سے فیض یاب ہوسکتا ہے اور اس خیال سے کہ اس کی مخلوق گمراہ ہو کر اس کے غیض وغضب کو آواز نہ دے ان کی رہنمائی اور ہدایت کے لئے انبیاء مبعوث کئے اور آسمان سے کتابیں نازل فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر کس قدر مہربان ہیں اس کا کچھ اندازہ نبی خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان سے ہوتا ہے:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

> ''بے شک اللہ تعالیٰ نے رحم وکرم کی تخلیق کی اور اس کے 100 حصے کردیئے۔ اس میں سے 99 حصے اپنے لئے مخصوص فرمائے اور صرف ایک حصہ پوری کائنات میں پھیلی مخلوقات میں تقسیم کردیا۔''
>
> (صحیح بخاری حدیث نمبر 6463)

اللہ تعالیٰ سے کون زیادہ مہربان ہوسکتا ہے جس نے یہ دنیائے خوش رنگ وخوشبو پیدا فرمائی تاکہ اس کی حسین مخلوق انسان اس میں اس کے بنائے ہوئے ضابطوں کے مطابق زندگی گزارے اور اس اطاعت وفرماں برداری کے انعام میں حیات آخرت میں اس کی خوشنودی کے

Marfat.com

سزاوار ہوں اور وعدہ فرمایا کہ دوسری دنیا کی زندگی اس قدر پرلطف اور خوبصورت ہوگی کہ اس دنیا کا کوئی مکین اس کا ہلکا سا اندازہ بھی نہیں کرسکتا، تاہم اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ ہی خبردار کردیا کہ یہ دنیا امن پسندوں کے لئے جائے عافیت بنائی گئی ہے اور جولوگ خدائی نظام میں مداخلت اور اس کے قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوں گے انہیں اللہ تعالیٰ کی نافذ کردہ سزاؤں سے کوئی نہیں بچا سکے گا۔

قرآن پاک میں اپنے خالق کی اطاعت کرنے والوں کے لئے جگہ جگہ بشارتیں دی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی کن کن مہربانیوں کا شکر کریں۔ اپنے بندوں کو حکم دیا کہ مجھ سے اس دنیا اور دوسری دنیا دونوں کے لئے رحمت اور کرم کی دعا مانگو۔ سورۃ بقرہ میں ارشاد خداوندی ہے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً

''اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما۔'' (201:2)

یہ کس طرح ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ جو اپنے بندوں کو آخرت کے ساتھ ساتھ اس دنیا میں بھی اچھی زندگی کی طلب کا حکم دے رہے ہیں یہ چاہیں کہ اسلام کے پیروکار دنیا میں بدامنی پھیلائیں اور دہشت گردی کا ارتکاب کریں جیسا کہ اسلام دشمنوں کی طرف سے بے بنیاد پراپیگنڈہ مہم جاری ہے اور مسلمانوں کو دنیا میں ہر جگہ نشانہ بنایا جارہا ہے اور اسلام کے خلاف غلط بیانیوں کا طوفان اٹھا دیا گیا ہے۔ خصوصاً مغربی میڈیا اسلام کے پیروکاروں کے خلاف نفرت انگیز فضا پیدا کرنے میں پیش پیش ہے جس کے نتیجے میں مسلمانوں پر پرتشدد حملے اور امتیازی سلوک پر مبنی کارروائیاں معمول بن گئی ہیں۔ انتہا پسندی، دہشت گردی اور بنیاد پرستی اہل اسلام کا گویا ٹریڈ مارک بنا دیا گیا ہے اور دنیا میں جہاں بھی تخریب کاری یا بم پھٹنے کا کوئی واقعہ پیش آجائے اسے بلاتحقیق مسلمانوں کے سر مڑھ دیا جاتا ہے۔ جہاد اور دہشت گردی کو خلط ملط کرکے اس طرح دنیا کے سامنے پیش کیا گیا ہے کہ اہل مغرب جو میڈیا پر آنکھیں بند کرکے یقین کرتے ہیں اس غلط فہمی میں پڑ گئے ہیں کہ جہاد اور دہشت گردی ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔ پراپیگنڈہ اسقدر زوردار اور مؤثر ہے کہ بعض مسلمان بھی تشکیک کا شکار ہوکر معذرت خواہانہ رویہ اختیار کرتے نظر آتے ہیں۔

Marfat.com

2

# اسلام نظام کائنات کی بنیاد ہے

اسلام دین کائنات ہے اور انسان کے سوا کائنات کی تمام مخلوقات اللہ تعالیٰ کے طے شدہ ضوابط یعنی قوانین فطرت کے مطابق مکمل اطاعت کے ساتھ اپنے اپنے فرائض ادا کر رہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کائنات کے نظام میں اربوں سال گزرنے کے بعد تھوڑا سا بھی خلل نہیں پڑا۔ اسی طرح انسانی جسم کے اعضا بھی جو مشینری کا حصہ ہیں اللہ تعالیٰ کے وضع کردہ نظام کے تحت اپنے افعال انجام دیتے ہیں تاہم انسان کو اللہ تعالیٰ نے کسی حد تک مرضی کا مالک بنایا ہے اور انسان دوسری مخلوقات کی طرح محض طے شدہ راستوں پر چلنے کا پابند نہیں۔ مگر انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اسے کچھ ذمہ داریوں کا امین بنایا گیا ہے۔ اس حوالے سے اللہ تعالیٰ سورۃ الروم میں فرماتے ہیں:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ
فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ
ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ڎ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

''پس (اے نبیؐ اور نبیؐ کے پیروکارو) یک سو ہو کر اپنا رخ اس دین کی طرف جما دو قائم ہو جاؤ اس فطرت پر جس پر اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی بنائی ہوئی ساخت نہیں بدلی جا سکتی۔ یہی بالکل راست اور درست دین ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔'' (30:30)

Marfat.com

## اسلام محض دین نہیں:

اسلام کا مادہ سلم ہے جس کے معنی نجات، امن اور مکمل اطاعت کے ہیں۔ اسلام محض ایک دین یا مذہب نہیں بلکہ مکمل ضابطہ حیات ہے اور اس میں حیات انسانی کی مختلف جہتوں کو ہم آہنگ کرنے کا ایسا نظام موجود ہے کہ ہر فرد اپنے افعال و اعمال میں آزاد ہے اور خدائی قوانین کے مطابق زندگی گزار کر نہ صرف اس دنیا میں بلکہ دوسری دنیا میں بھی پر مسرت زندگی گزارنے کی صلاحیت سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ وہ اپنے ساتھی انسانوں کے لئے بھی باعث رحمت بن سکتا ہے بشرطیکہ وہ قوانین فطرت پر کاربند رہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے جو دائرہ کار متعین کر دیا ہے اس سے تجاوز نہ کرے ورنہ اس کا نتیجہ بدامنی کی شکل میں نکلے گا اور بداعمالیاں، ناانصافیاں اور دوسروں کے استحصال کی کارروائیاں عام ہو جائیں گی۔

Marfat.com

3

# اسلام کی حقیقت اور مقاصد

اسلام لوگوں میں فتنہ پھیلانے یا شرانگیزی کے لئے نہیں آیا بلکہ یہ دنیا کے لئے ایک عالمگیر نظام لے کر آیا جس میں سب کے لئے امن، خوشحالی اور دائمی راحت کی نوید ہے۔ عامر بن ربیع جنگ قادسیہ کے موقع پر جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں ہوئی۔ ایرانی فوجوں کے کماندار اعلیٰ کے دربار میں مسلمان سپہ سالار کے نمائندہ کی حیثیت سے تشریف لے گئے۔ انہوں نے وہاں بڑی بلیغ گفتگو کی۔ جو اسلام کی حقیقت اور مقاصد کے حوالے سے گویا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے حاضرین دربار کو بتایا: (خلاصہ)

''اسلام نے آ کر ہمیں کفر کی تاریکیوں سے نکالا اور ایمان کی روشنی سے منور کیا اور ان لوگوں کی غلامی سے نجات دلا کر ہمیں خدائے واحد کے بندے بنانے کے اعزاز سے بہرہ ور کیا جو بذات خود غلام تھے اور ہمیں زمین کی پستیوں سے اٹھا کر عظمت کے آسمان تک پہنچا دیا۔''

اسلام کے لفظی معنی امن، نجات اور خود سپردگی کے ہیں۔ اسلام سب سے پہلے اپنے پیروکاروں کو سکون قلبی کی عظیم نعمت سے ہمکنار کرتا ہے اور انہیں اپنے خالق و مالک کی کامل اطاعت کا خوگر بنانے کے ساتھ ساتھ قوانین فطرت پر عمل پیرا رہنے اور نظم وضبط کی زندگی گزارنے کا پابند بناتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ دنیا بھر میں اجتماعی امن کا علمبردار بن کر سامنے آیا ہے کیونکہ امن، سلامتی اور نظم وضبط اسلام کے بنیادی اصول ہیں۔

اسلام نے اپنی نشر واشاعت کے لئے پر امن حالات کو ترجیح دی اور زیادہ سے زیادہ حد تک طاقت کے استعمال سے گریز کیا۔ اسلام کسی بھی شکل میں ناانصافی کی اجازت نہیں دیتا اور خونریزی کی سختی سے ممانعت کرتا ہے اور جب معاملات کو سلجھانے کے تمام پر امن طریقے ناکام ہو جائیں تو بادل نخواستہ صرف بنی نوع انسان کی اجتماعی بہبود اور مفاد کے لئے ظالم، استحصال پیشہ اور

سرکش طبقات کے خلاف طاقت کے استعمال کی اجازت دیتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ مسلمانوں نے تلوار صرف اس وقت اٹھائی جب انہیں اس کے لئے مجبور کر دیا گیا اور بیشتر اوقات تو صرف اپنے دفاع کے لئے ہی میدانِ کارزار میں گئے جس کا تذکرہ آئندہ اوراق میں دلائل کے ساتھ آئے گا۔

## اسلام میں مذہبی آزادی:

اسلام اپنی عملداری میں عیسائیت، یہودیت، مجوسیت، ہندومت سمیت تمام دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کو اپنے مذہبی شعائر ادا کرنے کی مکمل اجازت دیتا ہے۔ اس کی گواہی خود قرآن مجید کی سورۃ الحج میں موجود ہے:

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ

''اگر اللہ آدمیوں میں ایک کو دوسرے کے ذریعے دفع نہ کرتا رہے تو خانقاہیں اور گرجے اور معبد اور مسجدیں، جن میں اللہ کا کثرت سے نام لیا جاتا ہے سب مسمار کر ڈالی جائیں۔......'' (40:22)

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مساجد کے علاوہ دوسری عبادت گاہوں کے انہدام کو بھی ناپسند کیا ہے اور اس تاریخی حقیقت کا مغربی مورخوں نے بھی اعتراف کیا ہے کہ مسلمانوں کے ادوارِ حکومت میں مسیحی اور یہودی رعایا نے جو زندگی گزاری وہ ان کے اپنے ہم مذہب حکمرانوں کے دور سے کہیں پرمسرت اور مرفع الحال تھی۔

یہ بھی تاریخ کا حصہ ہے کہ اسلامی فتوحات کے دوران جب عساکرِ اسلام دنیا کی وسعتوں میں پھریرے لہرا رہے تھے اور کئی ممالک عظیم اسلامی سلطنت کا حصہ بن چکے تھے وہاں غیر مسلم رعایا کو مکمل مذہبی آزادی حاصل تھی۔ خلافت راشدہ اور بنوامیہ کے دور میں مفتوحہ ممالک کے غیر مسلم باشندوں کی اکثریت اپنے آبائی مذاہب پر عمل پیرا رہی اور انہیں اپنی عبادات اور مذہبی فرائض کی ادائیگی میں کبھی کسی پابندی کا سامنا نہیں کرنا پڑا اور کبھی بھی تبدیلیٔ مذہب پر انہیں مجبور نہیں کیا گیا۔ ممتاز مورخ ٹی۔ ڈبلیو آرنلڈ لکھتا ہے:

Marfat.com

''ان حقائق کی روشنی میں مجوسیت کے خاتمہ کو مسلمان فاتحین کے جبر کا نتیجہ قرار دینا ناممکن ہے۔قبول اسلام کا عمل پرامن اور مکمل رضا کارانہ تھا۔''

T.W.Arnold

(The Preaching of Islam/ P-180,181)

ایک اور مغربی مورخ ڈاکٹر ای جی براؤن لکھتا ہے:

''ایران پر مسلمانوں کے قبضے کے تین سو سال بعد بھی ایران کے کم وبیش ہر علاقے میں آتش کدے بدستور روشن تھے۔'' (E.G.Browne)

(Litercry History of Persia-vol-1, P206)

## حضرت عمرؓ کا بیت المقدس میں معاہدہ

### رواداری، انصاف اور غیر مسلموں سے حسن سلوک کی زندہ مثال:

جب مسلمانوں نے بیت المقدس (اس وقت اس کا نام ایلیا تھا) فتح کیا تھا تو بازنطینی حکمران کی فرمائش پر خلیفۃ المسلمین حضرت عمرؓ خود شہر کی چابیاں لینے دور دراز کا سفر کر کے مدینہ سے بیت المقدس پہنچے۔ اسقف اعظم نے خود خلیفہ اسلام کو تمام مقدس مقامات دکھائے۔ قافلہ کلیسا عیسیٰ (Church of Resurrection) (مسیحی عقیدے کے مطابق جہاں سے حضرت عیسیٰ قیامت کے روز زندہ ہو کر اٹھیں گے) میں تھا کہ نماز کا وقت ہو گیا۔ مسیحی پیشوا نے حضرت عمرؓ سے استدعا کی کہ وہیں نماز ادا کر لیں لیکن انہوں نے شائستگی سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ اگر انہوں نے آج یہاں نماز ادا کر لی تو بعد میں مسلمان اسے مسجد میں تبدیل کر دیں گے۔

حضرت عمرؓ نے اہل شہر سے جو معاہدہ کیا اس کے چیدہ چیدہ نکات یہ تھے۔

☆ یہ معاہدہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور غلام خلیفۃ المسلمین عمرؓ کی طرف سے ایلیا کے مکینوں کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔

☆ اہل شہر کو ان کی زندگی، جائیداد، کلیساؤں اور صلیبوں کے مکمل تحفظ کی ضمانت دی جاتی ہے۔

☆ کلیساؤں کو رہائش گاہوں میں تبدیل کیا جائے گا نہ انہیں ڈھایا جائے گا اور نہ ان کی املاک ضبط کی جائیں گی۔

Marfat.com

☆ اہل شہر پر مذہب کے حوالے سے کسی قسم کا جبر کیا جائے گا نہ ہی کوئی پابندی عائد کی جائے گی۔

☆ یہودی بھی مسیحیوں کے ساتھ (بدستور) شہر میں مقیم رہنے کے حقدار ہوں گے۔

(Mazhar-ul-Haq, A short history of Islam, conquests of Umar, p-251)

اس معاہدہ سمیت سینکڑوں مثالیں اور ہیں جو اس الزام کی نفی کرتی ہیں کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلایا گیا ہے یہ سراسر متعصب مغربی مورخوں کی علمی و تحقیقی خیانت ہے۔ جو اسلام کو بدنام کرنے کی ان کی مہم کا حصہ ہے جس میں یہ الزام پورے شدومد سے لگایا اور دہرایا گیا کہ مسلمانوں نے اپنی غیر مسلم رعایا کو جبراً اپنے مذہب میں داخل کیا۔

4

# اسلام جبر کا قائل نہیں

اسلام کسی بھی صورت میں جبر اور زبردستی کی اجازت نہیں دیتا اور اس کا ایک بڑا ثبوت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہہ دیا ہے کہ آپ کی ذمہ داری صرف دوسروں تک واضح انداز میں اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے (لوگوں کے پیچھے پڑ کر یا زبردستی مسلمان بنانا آپ کا کام نہیں ہے نہ ہی آپؐ دوسرے انسانوں کے افعال واعمال کے لئے جوابدہ اور ذمہ دار ہیں۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صراحت فرما دی ہے:)

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾ لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾

''اچھا تو (اے نبیؐ) نصیحت کیے جاؤ تم بس نصیحت ہی کرنے والے ہو، کچھ ان پر جبر کرنے والے نہیں۔'' (22,21:88)

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ

''اب اگر یہ لوگ منہ موڑتے ہیں تو اے نبیؐ! ہم نے تم کو ان پر نگہبان بنا کر تو نہیں بھیجا ہے۔ تم پر تو صرف بات پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے۔''

(48:42)

إِنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ﴿٤١﴾

''(اے نبیؐ) ہم نے سب انسانوں کے لئے یہ کتاب برحق تم پر نازل کر دی ہے اب جو سیدھا راستہ اختیار کرے گا اپنے لئے کرے گا اور جو بھٹکے گا اس کے بھٹکنے کا وبال اسی پر ہو گا تم ان کے ذمہ دار نہیں۔'' (41:39)

Marfat.com

وَقُلِ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ فَمَن شَآءَ فَلْيُؤْمِن وَّمَن شَآءَ فَلْيَكْفُرْ

"صاف کہہ دو کہ یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے، اب جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے انکار کرے۔" (29:18)

قرآن مجید میں جگہ جگہ اللہ تعالیٰ کے فرامین موجود ہیں جن میں واضح انداز میں کہہ دیا گیا ہے بلکہ زور دیا گیا ہے کہ پیغمبر کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ کا پیغام اس کے بندوں کو پہنچا دینے کے بعد ختم ہو جاتی ہے اور اس کے بعد یہ لوگوں کی صوابدید پر ہے کہ وہ اس پیغام کو قبول کر لیں یا انکار کر دیں۔ اپنے مذہب کے انتخاب میں انسانوں کو مکمل طور پر آزادی حاصل ہے اور کسی کو بھی یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنا عقیدہ یا نظریہ دوسرے پر مسلط کرے۔ اسلام کو بذریعہ طاقت نافذ کرنے کا الزام لگانے والے کم از کم کوئی دلیل تو دیں!

## اسلام کو دل سے قبول کرنا مسلمان ہونے کی شرط ہے:

اسلام کو بذریعہ تلوار پھیلانے کا الزام لگانے والے شائد اس بنیادی حقیقت سے واقف نہیں یا وہ تعصب کی بناء پر اس سے صرف نظر کرتے ہیں کہ دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کلمہ شہادت نہ صرف زبان سے ادا کیا جائے بلکہ دل سے اسے تسلیم کیا جائے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

(اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نبی ہیں)

اگر کوئی شخص یہ کلمات کسی خوف کے زیر اثر یا پھر کسی مخصوص مقصد کے لئے منہ سے ادا کر دے لیکن دل سے ان کی حقانیت کو تسلیم نہ کرے تو وہ سچا مسلمان نہیں ہوتا تو زبردستی کا کیا فائدہ؟ کسی شخص کو دھونس یا جبر سے کلمہ پڑھا بھی دیا جائے تو جونہی اسے آزادی میسر آئے گی وہ اپنے مذہب کی طرف لوٹ جائے گا۔ اس لئے اسلام نے سرے سے مذہب کے قبول کرنے یا نہ کرنے کے معاملہ کو افہام و تفہیم و تبلیغ و مذاکرہ سے وابستہ کیا ہے نہ طاقت و جبر سے۔

Marfat.com

## اسلام کی خاطر ہجرت کیوں کی گئی؟

اس حقیقت سے کون آگاہ نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور...... کے ساتھیوں پر تعزیر وتعذیب کے تازیانے کس طرح برسائے گئے۔ مکہ کے بازاروں میں کس طرح انہیں ناقابل بیان تشدد کا نشانہ بنایا جاتا تھا۔حتیٰ کہ وہ اپنی جنم بھومی، اپنے والدین، بھائی بہنوں اور اپنے بزرگوں کے مدفن چھوڑ کر دوسرے ملکوں میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے۔ اگر یہ الزام تسلیم کیا جائے کہ لوگوں نے خوف یا لالچ سے اسلام قبول کرلیا تھا تو حالات سازگار ہونے کے بعد انہوں نے اسلام کو ترک کیوں نہیں کیا۔

## اللہ تعالیٰ نے انسان کو مذہب کا انتخاب کرنے کی آزادی دی ہے:

اسلام زبردستی کا قائل نہیں بلکہ اس کی شرط ہے کہ اس کی طرف آنے والا اپنی خواہش اور مرضی سے آئے اور صدق دل سے اسلام کی حقانیت کو قبول کرے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ
اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

''اگر تیرے رب کی مشیت یہ ہوتی (کہ زمین میں سب مومن وفرمانبردار ہی ہوں) تو سارے اہل زمین ایمان لے آئے ہوتے۔ پھر کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا کہ وہ مومن ہو جائیں۔''(10:99)

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ

''صاف کہہ دو کہ یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے، اب جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے انکار کردے۔''(18:29)

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مکہ میں کون سی فوج تھی؟

جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم کو بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت پہنچانے کے لئے منتخب فرمایا ہے اور آپؐ نے اپنی قوم کو اسلام کی طرف آنے کی دعوت دی تو آپ تنہا تھے۔ اس وقت نہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فوج تھی کہ اپنی دعوت کا انکار کرنے

Marfat.com

والوں کوسزا دیتے اور نہ ہی دولت کے انبار تھے کہ لوگوں کو لالچ دے کر اپنے ساتھ ملا لیتے۔ حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاندان بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت میں پیش پیش تھا۔ دوسروں کا تو ذکر ہی کیا۔ مکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دورِ نبوت کے تیرہ سال دنیاوی وسائل کے حوالے سے تہی دامنی سے عبارت تھے۔ اس کے باوجود بڑی تعداد میں لوگ اپنے سینوں کو اسلام کے نور سے روشن کر چکے تھے۔ ابوذر غفاریؓ جو ابتداء میں ہی قبول اسلام کی دولت سے مالا مال ہو چکے تھے جب اپنے علاقے میں واپس گئے تو ان کی کوششوں سے بہت تھوڑے عرصے میں ہی ان کے قبیلے کے نصف کے قریب لوگ مسلمان ہو گئے۔ مشرکین مکہ کے مظالم سے تنگ آ کر 83 مسلمان مرد اور 18 عورتیں ملک حبشہ (اریٹریا۔ ایتھوپیا) کو ہجرت کر گئے۔ اسی اثنا میں مدینہ سے جو اس وقت یثرب کہلاتا تھا۔ ستر کے لگ بھگ مرد اور عورتیں آپؐ کی دعوت کو قبول کر چکے تھے اور یہ تمام لوگ برضا و رغبت مسلمان ہوئے تھے اور اس وقت تک تو کافروں سے لڑائی کی اجازت بھی نہیں ملی تھی۔ یہ لوگ مکمل بے سروسامانی کے عالم میں ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئے تھے۔

## ہجرت مدینہ کے بعد وفود کی آمد:

ہجرت مدینہ کے بعد مختلف قبائل کے وفود کی آمد کا سلسلہ اس تیزی سے شروع ہوا کہ اس سال کو عام الوفود یعنی ''وفود کا سال'' کہا جانے لگا (اس ضمن میں نجران کے عیسائیوں کے وفد کی آمد مشہور واقعہ ہے۔ اس کے علاوہ مسلمان ہونے کے لئے لوگ جوق در جوق مدینہ آ رہے تھے۔ سوال یہ ہے کہ ان لوگوں کو کون سی فوج کے ذریعے گھیر کر لایا جا رہا تھا)

## اگر جہاد ہی واحد راستہ ہوتا:

یہ امر قابل ذکر ہے کہ جہاد صرف اسلام سے ہی مخصوص نہیں بلکہ سابقہ پیغمبروں کے دور میں بھی اللہ کی راہ میں جہاد کیا جاتا تھا اور اگر تلوار ہی کے ذریعے اسلام کا پھیلاؤ ممکن ہوتا تو پھر سابقہ پیغمبروں کا دین اس قدر کیوں تیزی سے نہیں پھیلا جیسے اسلام کی اشاعت ہوئی۔

Marfat.com

## مسلمان حکمرانوں کا طرز عمل:

یہ محض الزام نہیں حقیقت ہے کہ یہودی اور مسیحی فاتحین نے دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کا بے دریغ قتل عام کیا لیکن مسلمان حکمرانوں کا رویہ اس کے بالکل برعکس رہا۔ اگر مسلمان حکمران بھی غیر مسلم رعایا کو اپنے مذہب میں داخل کرنے کے لئے ریاستی طاقت کا استعمال کرتے تو کم از کم مسلمان حکمرانوں کی سلطنتوں میں تو غیر مسلموں کا وجود ختم ہو جانا چاہئے تھا۔ لیکن ہم نے دیکھا کہ ہندوستان میں مسلمانوں کے ہزار سالہ دور حکمرانی کے بعد بھی ہندوؤں کی اکثریت اسی طرح قائم تھی (اس کے برعکس سپین میں جب اسلام کا دور ختم ہوا اور عیسائی حکمران واپس آئے تو انہوں نے مسلمانوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح اس طرح ذبح کیا کہ وہاں کوئی مسلمان اذان دینے یا نماز پڑھنے کے لئے باقی نہ رہا۔

## اسلامی قوانین تلوار کے استعمال کی اجازت نہیں دیتے:

یہ بھی اپنی جگہ ایک حقیقت ہے کہ اسلام خود بھی دین کی تبلیغ کے لئے تلوار کے استعمال کی ممانعت کرتا ہے (اسلام کے قوانین کے مطابق کسی مفتوحہ ملک میں

(1) انفرادی اور اجتماعی طور پر اسلام قبول کرنے والے دوسرے مسلمان شہریوں کے مساوی مقام کے حقدار ہو جاتے ہیں۔

(2) اگر غیر مسلم رعایا اپنے دین پر کاربند رہنا چاہیں تو اس کی انہیں مکمل آزادی ہوگی بشرطیکہ وہ حکومت سے مکمل وفاداری اور اطاعت کا حلف اٹھائیں اور جزیہ ادا کریں۔

غیر مسلم رعایا کو اس ٹیکس کے عوض ہر قسم کا تحفظ حاصل ہوتا تھا اور وہ ان تمام ذمہ داریوں سے آزاد ہوتے تھے جو مسلمانوں پر عائد ہوتی تھیں (جزیہ کی ادائیگی کے بعد عیسائیوں، یہودیوں اور آتش پرستوں کو اپنے مذہبی فرائض ادا کرنے کی مکمل آزادی ہوتی تھی اور وہ ریاستی حکام کی طرف سے کسی قسم کی مداخلت کے خوف سے آزاد ہوتے تھے (جزیہ کی ادائیگی غیر مسلموں کو لازمی فوجی خدمات سے بھی مستثنیٰ کر دیتی تھی جو مسلمانوں پر لازم تھیں۔

تاہم جزیہ کی ادائیگی سے انکار بغاوت کے مترادف تھا کیونکہ کوئی بھی حکومت اپنی رٹ کو چیلنج کیا جانا برداشت نہیں کرتی اور کسی بھی حکومت کے شہریوں کو خواہ ان کا تعلق کسی بھی مذہب،

Marfat.com

عقیدے یا نسل سے ہو بعض فرائض اور ذمہ داریاں بجالانا پڑتی ہیں تاکہ امور مملکت بطریق احسن چلائے جاسکیں اور ان میں رخنہ ڈال کر دوسرے پر امن شہریوں کے لئے مشکلات پیدا کرنے والوں کو آخرکار سزا تو ملنی چاہئے (اگر مسلمان حکمران نے انصاف کے تمام تقاضے پورے کر کے مجبوراً تلوار اٹھائی تو پھر نتائج کا ذمہ دار انہیں ٹھہرانا قرین انصاف نہیں (یہ امر قابل ذکر ہے کہ جہاں کہیں تلوار اٹھائی بھی گئی تو وہ بغاوت فرو کرنے کے لئے تھی لوگوں کو مسلمان بنانے کے لئے نہیں کیونکہ انہیں مذہب تبدیل کرنے یا نہ کرنے کی مکمل آزادی تھی)

## ''آزادی'' کے بعد جبری طور پر مسلمان بنائے جانے والے مرتد کیوں نہ ہوئے؟

سوال یہ ہے کہ اگر یہ الزام درست بھی تسلیم کرلیا جائے کہ اسلام کو بالجبر نافذ کیا گیا تو یہ بات واضح ہے کہ اس طرح دائرہ اسلام میں داخل ہونے والے کبھی بھی پکے مسلمان نہیں ہوسکتے تھے اور اس کے لئے جان قربان کرنا تو درکنار پہلا موقع ملتے ہی وہ اس مذہب کو چھوڑ کر اپنے پہلے مذہب پر لوٹ جاتے (کیونکہ طاقت، خوف اور جبر سے دل نہیں بدلے جاسکتے لیکن تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ بڑے پیمانے پر مسلمان مذہب ترک کر کے غیر مسلم ہوئے ہوں حالانکہ ایسے مواقع بارہا آئے کہ ان کے لئے آسان راستہ موجود تھا کہ جب مسلمانوں کی حکومت قائم ہوتی تو وہ جھوٹ موٹ کے مسلمان بن جاتے اور جب ان سے ''جبر'' کا سایہ ہٹ جاتا تو وہ پھر پرانے مذہب پر لوٹ جاتے (اسلام کے معترضین سوائے اکا دکا واقعات کے پوری تاریخ میں اجتماعی طور پر ترک اسلام کی ایک بھی مثال پیش کرنے سے قاصر ہیں پھر کیوں فراخدلی سے تسلیم نہیں کرتے کہ اسلام نے جسموں کو نہیں دلوں کو مسخر کیا اور قبول اسلام کا عمل انفرادی ہو یا اجتماعی ہمیشہ رضاکارانہ طور پر ہوا۔

Marfat.com

5

# جہاد۔ اسلامی نقطۂ نظر سے

جہاد کے لغوی معنی کسی مقصد کے حصول کے لئے انتہائی حد تک کوشش کرنا۔ اس کا مقصد محض جنگ نہیں جیسا کہ اہل مغرب نے اسے غیر مسلموں کے خلاف لڑائی کے ہم معنی بنادیا ہے۔ جہاد ایک جامع اصطلاح ہے جس کی کئی جہتیں ہیں۔ جب کہ لڑائی کے لئے صحیح عربی لفظ قتال ہے۔ جہاد سے اصطلاحاً مراد اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہمہ گیر جدو جہد ہے اور مجاہد وہ شخص ہے جس نے اس مقصد کے لئے اپنے آپ کو گویا وقف کردیا ہے اور جو اپنے مقصد کے حصول کے لئے تمام توانائیاں اور صلاحیتیں بروئے عمل لانے اور اگر ضرورت پڑ جائے تو جان دینے سے بھی نہیں ہچکچاتا۔

## اللہ کیلئے جہاد:

اللہ کے راستے میں جہاد ایک خصوصی ذمہ داری ہے۔ ایک جدوجہد جس میں انسان خالصتاً اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے شریک ہوتا ہے تاکہ اس کے دین کا ڈنکا چاروں طرف بجے اور اس کا پیغام دنیا کے کونے کونے تک پہنچ جائے۔

## اللہ کے راستے میں جہاد کی مختلف جہتیں:

اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو پہلی وحی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی اس میں حکم دیا گیا ''پڑھیے''۔ اس حکم کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ یہ ایک ایسے وقت میں نازل ہوا جب پڑھنے کے لئے کچھ تھا ہی نہیں۔ اس لئے اس کا مطلب یہی ہو سکتا تھا کہ مسلمان اس کائنات کے اسرار و رموز پر غور کریں اور دنیا کا نظم و نسق چلانے کے لئے خالق کائنات نے جو نظام تشکیل دیا ہے اس کا مشاہدہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کا یہ حکم تحرک اور جدوجہد کا متقاضی ہے۔ یہ حکم براہ راست محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ اس لئے آپؐ ہی تھے جنہوں نے مشن کا آغاز کرنا تھا اور آپؐ نے کیا بھی۔

Marfat.com

قرآن مجید میں اس حوالے سے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥٠﴾
كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِنْكُمْ يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ
وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿١٥١﴾

''......اور اس لئے کہ میں تم پر اپنی نعمت پوری کردوں اور اس توقع پر کہ میرے اس حکم کی پیروی سے تم اس طرح فلاح کا راستہ پاؤ گے جس طرح (انہیں اس چیز سے فلاح نصیب ہوئی کہ) میں نے تمہارے درمیان خود تم سے ایک رسول بھیجا۔ جو تمہیں میری آیات سناتا ہے، تمہاری زندگیوں کو سنوارتا ہے۔ تمہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمہیں وہ باتیں سکھاتا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔(2:150-151)

جہاد کے دو حصے ہیں:

(1) غلط نظریات کے ساتھ ساتھ نفسانی خواہشات اور شیطانی خیالات کے خلاف جنگ، یہ بڑا جہاد کہلاتا ہے۔

(2) جہاد کے دوسرے حصے سے عام طور پر اللہ تعالیٰ کے نصب العین کے لئے لڑنا مراد لیا جاتا ہے اور یہ چھوٹا جہاد کہلاتا ہے لیکن یہ جہاد صرف میدان جنگ تک محدود نہیں۔ اس میں امر بالمعروف سے لے کر میدان جنگ تک کی ساری جدوجہد شامل ہے۔ انفرادی اور اجتماعی کوششیں جو اس حوالے سے کی جاتی ہیں سب چھوٹے جہاد میں شامل ہیں۔ یہ بات سمجھی جانی چاہئے کہ چھوٹے جہاد سے واپس آنے والے دنیاوی معاملات میں ملوث ہو سکتے ہیں مثلاً تفاخر، عیش و آرام کی زندگی سے محبت اسے اپنی طرف کھینچ سکتی ہے (اسی لئے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ غزوہ سے واپس آتے ہوئے فرمایا:

''ہم چھوٹے سے بڑے جہاد کی طرف جا رہے ہیں۔''

۱۳۵ ےے

## جہاد کے مختلف مراحل:

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ نبوت سے سرفراز کئے جانے کے فوراً بعد کچھ الجھنوں سے دوچار ہوگئی۔ آپ ُ پر ابھی پوری طرح یہ واضح نہیں ہوا تھا کہ جو واقعہ جبل نور یعنی غار حرا کی تنہائیوں میں وحی کی صورت میں پیش آیا اس کی حقیقی نوعیت کیا تھی۔ اس لئے آپ ُ اکثر پریشانی میں کمبل یا کوئی اسی قسم کا لبادہ اوڑھ کر لیٹے رہتے ...... پھر ایک دن آخر کار دوسری وحی آ گئی۔

يَاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝

''اے اوڑھ لپیٹ کر سونے والے، رات کو نماز میں کھڑے رہا کرو مگر کم، آدھی رات، یا اس سے کچھ کم کرو، یا اس سے کچھ زیادہ بڑھا دو، اور قرآن کو خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو۔ ہم تم پر ایک بھاری کلام نازل کرنے والے ہیں۔......'' (37:1 تا 5)

یہ ایک مختصر دورانیے کا مرحلہ تھا جب آپ کو رات دیر تک بیدار رہ کر اللہ کی عبادت اور قرآن مجید کی تلاوت کا حکم دیا گیا چونکہ رات کو انسانی طبیعت میں زیادہ گداز آ جاتا ہے اور قرآن مجید کے الہامی الفاظ قلب و دماغ کی گہرائیوں تک اترتے چلے جاتے ہیں (اس کے علاوہ شب بیداری نفسانی خواہشات پر غلبہ حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے اور انسانی نفس بے لگام نہیں ہونے پاتا)

6

# جہاد سے متعلق غلط تصورات

جہاد کو غلط فہمی یا شعوری طور پر متعصب مغربی مفکرین اور مصنفین نے معصوم لوگوں کا ناحق خون بہانے کے برابر قرار دے دیا ہے۔ جبکہ روح جہاد اس کے بالکل برعکس ہے۔

جہاد کو تین مراحل میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

(1) دل کے ساتھ (ارادہ اور محسوسات)۔

(2) زبان کے ساتھ (تحریر و تقریر)۔

(3) ہاتھ کے ساتھ (ہتھیار وغیرہ)۔

## جہاد کے پہلے مرحلے کا آغاز:

کسی بھی تحریک کے آغاز سے پہلے لیڈر کو اپنے مقصد اور نصب العین کی سچائی کا یقین ہونا ضروری اور اسے اعلیٰ ذاتی کردار کا حامل شخص ہونا چاہئے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ادراک کر لیا تھا کہ آپ کی آئندہ زندگی کن مراحل سے دو چار ہونے والی ہے اور آپؑ نے اپنے آپ کو اس کے لئے تیار کرنا شروع کر دیا تھا۔ اگلا حکم جلد ہی آ گیا۔

يَاأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝١ قُمْ فَأَنذِرْ ۝٢ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝٣ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝٤
وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝٥ وَلَا تَمْنُن تَسْتَكْثِرُ ۝٦ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝٧

"......اے اوڑھ لپیٹ کر لیٹنے والے، اٹھو اور خبردار کرو، اور اپنے رب کی بڑائی کا اعلان کرو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور گندگی سے دور رہو اور احسان نہ کرو زیادہ حاصل کرنے کے لئے اور اپنے رب کی خاطر صبر کرو۔"

(74:1 تا 7)

اس وحی کے ساتھ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو باضابطہ طور پر تبلیغ دین کے مشن پر مامور کر دیا گیا چنانچہ آپ تن من دھن سے اس کی تکمیل کے لئے کمربستہ ہو گئے اور آپؑ نے کام کا

Marfat.com

آغاز گھر سے کیا لیکن جواب میں آپ کو طعن و تشنیع اور دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑا، آپؐ پر سختیاں روا رکھی گئیں۔ ترغیب و تحریص کے جال بچھا دیئے گئے۔ اور آخر کار سماجی مقاطعہ (شعب ابی طالب کی محصوری کے تین سال) کا خوفناک حربہ بھی آزمایا گیا۔

نبوت کے بعد قیام مکہ کے تیرہ سال مصائب اور آلام کی ناقابل بیان داستان کا تلخ ترین باب ہے جس کا ہدف آپؐ اور آپؐ کے جانثار صحابہؓ تھے۔ مگر آپ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق صبر کی تصویر بنے رہے۔

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝

(''اور اپنے رب کی خاطر صبر کرو''۔ (سورۃ المدثر 7:74)

اور آخر کار ہجرت مدینہ کے بعد جب دشمنان اسلام مسلمانوں پر چڑھ دوڑے تاکہ اسلام کو طاقت پکڑنے سے پہلے ہی بیخ و بن سے اکھاڑ دیں اور اس کے نام لیواؤں کا خاتمہ کر دیں تو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو دفاع کے لئے تلوار اٹھانے کی اجازت دے دی۔

پہلے مرحلے سے عہدہ برآ ہونے یعنی اپنے نصب العین پر کامل یقین حاصل ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے مرحلہ یعنی تحریر و تقریر سے جہاد شروع کیا۔ آپ کا طریق کار یہ تھا کہ آپ ایام حج اور دوسرے ایسے مواقع پر جب عرب کے دور دراز حصوں سے لوگ مکہ آتے تو آپؐ ان کے پاس جاتے اور اللہ کا پیغام ان تک پہنچاتے۔ اس کے علاوہ آپؐ بازار جاتے اور انفرادی طور پر لوگوں کو پند و نصائح سے راہ راست پر لانے کی کوشش کرتے۔ یہ سلسلہ تیرہ برس تک جاری رہا (جس میں آپ کا وہ ہولناک سفر طائف بھی شامل ہے۔ جب آپؐ پر بازار میں پتھروں کی بارش کر دی گئی اور آپؐ زخمی ہو گئے لیکن آپؐ ہمیشہ اپنے دشمنوں کو معاف کر دیتے اور فرماتے یہ لوگ نہیں جانتے سچ کیا ہے۔ آپؐ کے جانثار پیروکار بھی کفار مکہ کے مظالم کا نشانہ بن رہے تھے اور بعض نے سختیوں اور مظالم کی تاب نہ لا کر اللہ کے حکم سے پہلے مرحلے پر حبشہ اور پھر مدینہ ہجرت کی اور بعض لوگ صبر کی تصویر بنے مکہ میں ہی مقیم رہے۔

اس ضمن میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور آل یاسر رضی اللہ عنہم پر ڈھائے جانے والے مظالم ناقابل بیان تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ غلام تھے اور آپؓ کا مالک آپؓ کے گلے میں رسی باندھ کر اس کا سرا محلے کے شرارتی بچوں کے حوالے کر دیتا جو آپؓ کو گلیوں میں گھماتے اور گھسیٹتے رہتے۔ آل یاسرؓ پر جو مظالم ڈھائے گئے وہ انسانی برداشت سے باہر تھے۔ خود رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات بھی کفار مکہ کی چیرہ دستیوں سے محفوظ نہ تھی۔حتیٰ کہ انہوں نے آپؐ کے قتل کی بھی سازش کی اور یہ سختیاں سہتے سہتے آخر کار وہ دن آ گیا جب اللہ تعالیٰ کے حکم پر آپؐ نے ہجرت مدینہ کا قصد فرمایا۔

## جہاد۔تیسرا مرحلہ:

ہجرت مدینہ کے ساتھ اسلام کی مظلومیت کے دور کا خاتمہ اور بطور مذہب، معاشرہ اور ایک ریاست کے اس کے استحکام اور توسیع کے مرحلہ کا آغاز ہو گیا۔یثرب پہنچنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیزی کے ساتھ سیاسی اقدامات کا آغاز کیا اور یثرب کی قبائلی گروہ بندی کو اسلام کے مذہب اور سیاست کے امتزاج پر مبنی معاشرہ میں ڈھالنے کے کام کی بنیاد رکھی۔آپؐ نے اپنی بے مثال فراست سے مہاجرین و انصار میں مواخات کے ایک منفرد رشتے کی بنیاد ڈالی جس سے مہاجرین کو جو خصوصاً مالی طور پر انتہائی نامساعد حالات کا سامنا کر رہے تھے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے میں بڑی مدد ملی (ہجرت سے پیدا ہونے والے مسائل سے عہدہ برآ ہونے کے بعد آپؐ نے مسلمانوں اور یہود مدینہ کے مابین تعلقات کار کے قیام کی طرف توجہ دی۔اس کے علاوہ مدینہ میں امن وامان اور نظم ونسق کی بحالی بھی آپؐ کی ترجیحات میں شامل تھی جو ایک صدی طویل خانہ جنگی سے پارہ پارہ ہو چکا تھا۔آپؐ کی کوششوں سے ''میثاق مدینہ'' وجود میں آیا جس نے مسلمانوں، یہودیوں اور مدینہ کے دوسرے قبائل کو ایک آئین اور قانون کے بندھن میں باندھ دیا جس کے نتیجے میں مدینہ ایک باضابطہ ریاست کی حیثیت سے ابھرا جسے ایک وسیع وعریض سلطنت کا دارالحکومت بننا تھا۔

## میثاق مدینہ کی اہمیت:

میثاق مدینہ کو اسلام کے ''میگنا کارٹا'' کی حیثیت حاصل ہے جس نے تمام شہریوں کو برابر کے حقوق، قانون کی حکمرانی، عبادت کی آزادی اور مذہبی رواداری کو یقینی بنایا۔میثاق مدینہ کے مطالعے سے بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کو ایک ایسی ریاست کی شکل دینا چاہتے تھے جس میں مسلمانوں اور یہودیوں یکساں سب کو شہری آزادی و امن حاصل ہو اور سب اپنی اپنی صحتمند سرگرمیوں کو آگے بڑھا سکیں۔محض یہودیوں کی غداری کے باعث جو بعد میں مسلمانوں کے دشمنوں سے مل گئے جو مدینہ پر حملہ آور ہو چکے تھے یہ تمام کوششیں ناکام ہو گئیں)

## مسلمانوں اور کفار میں ہونے والی جنگیں:

مسلمان ابھی ہجرت سے پیدا ہونے والے بے شمار مسائل سے نمٹنے میں پوری طرح کامیاب نہ ہوئے تھے کہ مدینہ کی نوزائیدہ ریاست پر جنگ کے بادل چھانے لگے۔ قریش مکہ اپنے ان رشتہ داروں کو بھولے تھے نہ ہی انہیں معاف کیا تھا جنہوں نے اسلام قبول کرلیا تھا اور اب ان کی سختیوں سے بچ کر مدینہ چلے آئے تھے۔ مسلمانوں اور کفار میں ہونے والی پہلی جنگ سے قبل کے واقعات کا جائزہ لیا جائے تو صاف نظر آتا ہے کہ یہ قریش مکہ کی اہل اسلام کے خلاف مخاصمت ہی تھی جس نے ایسے حالات پیدا کردیئے جو بالآخر غزوہ بدر کا باعث بنے۔ مشرکین مکہ ایک بڑا لشکر لے کر مدینہ پر چڑھ آئے تھے اور مسلمانوں کو مجبوراً دفاع کے لئے نکلنا پڑا۔ یہ وہی موقع تھا جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار سے لڑائی کی اجازت دی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ

''اجازت دے دی گئی ان لوگوں کو جن کے خلاف جنگ کی جاری ہے کیونکہ وہ مظلوم ہیں اور اللہ یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے''۔ (ان کو فتح دینے پر)

(39:22)

الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ ۗ

''یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے گھروں سے ناحق نکال دیئے گئے صرف اس قصور پر کہ وہ کہتے تھے ''ہمارا رب اللہ ہے......'' (40:22)

ان آیات میں صراحت کی گئی ہے کہ لڑنے کی اجازت مشروط ہے اور مسلمانوں کو ان لوگوں کے خلاف لڑنے کی اجازت دی جارہی ہے جو ان پر حملہ آور ہو چکے تھے تاہم دوسری آیات میں واضح کردیا گیا جن میں سے کچھ کا حوالہ آگے آرہا ہے کہ جب جنگ ناگزیر ہو جائے تو کسی کمزوری اور بزدلی کا مظاہرہ ناقابل برداشت ہوگا۔

فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّىٰ إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّىٰ تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ۚ

Marfat.com

"پس جب ان کافروں سے تمہاری مڈبھیڑ ہو جائے تو پہلا کام گردنیں مارنا ہے یہاں تک کہ جب تم ان کو اچھی طرح کچل دو تب قیدیوں کو مضبوط باندھو۔ اس کے بعد (تمہیں اختیار ہے) احسان کرو یا فدیے کا معاملہ کرلو تاآنکہ لڑائی اپنے ہتھیار ڈال دے۔" (4:47)

ایک اور مقام پر فرمایا:

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿١٩٠﴾

"اور تم اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں مگر زیادتی نہ کرو کہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔" (190:2)

تاہم بعد میں مسلمانوں کو ان کافروں سے بھی لڑنے کا حکم دیا گیا جو مسلمانوں اور اسلام کے خلاف عناد رکھتے اور ان کے خلاف برے عزائم رکھتے تھے حالانکہ انہیں جزیہ ادا کر کے مسلمانوں کی حکومت میں پُرامن طریقے سے زندگی گزارنے کا پورا حق اور موقع حاصل تھا۔ ان کی تفصیل "بامقصد جہاد ہی جائز ہے۔" کے تحت آگے آ رہی ہے۔

اس طرح یہ ثابت ہو گیا کہ جہاد ایک مرحلہ وار پروگرام کے تحت آیا جس میں کسی قسم کی زیادتی اور بے سود خونریزی کا دخل نہ تھا (گویا جہاد کے تین مرحلے تھے:

(i) پہلے اس کی اجازت نہ تھی جب اللہ نے یہ فرمایا:

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ﴿١٥﴾

"...... اور ہم عذاب دینے والے نہیں ہیں جب تک کہ (لوگوں کو حق و باطل کا فرق سمجھانے کے لئے) ایک پیغام بر نہ بھیج دیں۔" (15:17)

(ii) دوسرے مرحلے پر اس کی اجازت دے دی گئی۔

(iii) تیسرے مرحلے پر اس کو لازمی قرار دیا گیا۔

Marfat.com

## جہاد صحیح مقصد کیلئے ہی جائز ہے:

با مقصد جہاد ہی کو جائز قرار دیا گیا ہے۔ فتنہ ایک لعنت ہے اور فتنہ کے خاتمہ کے لئے اللہ نے جہاد کا حکم دیا ہے۔ قرآن مجید میں فرمان باری تعالیٰ ہے:

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۖ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾

''تم ان سے لڑتے رہو، یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین اللہ کے لئے ہو جائے پھر اگر وہ باز آ جائیں، تو سمجھ لو کہ ظالموں کے سوا اور کسی پر دست درازی روا نہیں۔'' (193:2)

یہاں یہ بات واضح ہو جانی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کو مسلمان کرنے کے لئے جہاد کی اجازت نہیں دی بلکہ ''فتنہ'' کے قلع قمع کرنے کے لئے حکم دیا گیا ہے (کیونکہ فتنہ قتل سے بری چیز ہے۔'' اللہ نے فرمایا:

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۗ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾

''ان سے لڑو جہاں بھی تمہارا ان سے مقابلہ پیش آئے اور انہیں نکالو جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے، اس لئے کہ قتل اگرچہ برا ہے، مگر فتنہ اس سے بھی زیادہ برا ہے اور مسجد حرام کے قریب جب تک وہ تم سے نہ لڑیں تم بھی نہ لڑو، مگر جب وہ وہاں لڑنے سے نہ چوکیں تو تم بھی بے تکلف انہیں مارو کہ ایسے کافروں کی یہی سزا ہے۔ پھر اگر وہ باز آ جائیں تو جان لو کہ اللہ معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔''

(192`191:2)

Marfat.com

(دیکھئے ان میں کسی جگہ یہ نہیں فرمایا گیا کہ انہیں مسلمان کر کے چھوڑنا، بلکہ یہی فرمایا کہ اگر وہ تم سے لڑنے پر تل جائیں تو پھر پورا مقابلہ کرو اور جونہی وہ لڑائی سے ہاتھ کھینچ لیں تم بھی پیچھے ہٹ جاؤ، باز آجانے سے کسی جگہ یہ مراد نہیں لیا گیا کہ وہ کفر اور شرک سے باز آجائیں بلکہ فتنہ سے باز آجانا مراد ہے)

آیت 2:193 میں صاف فرمادیا گیا کہ:

فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ۝

''پھر اگر وہ باز آجائیں تو ظالموں کے سوا اور کسی پر دست درازی روا نہیں۔''

یعنی جس وقت فتنہ پرور لوگ اپنی حرکتوں سے باز آجائیں تو انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے یعنی کافر، مشرک، دہریے ہر ایک کو اختیار ہے کہ وہ جو چاہے عقیدہ اختیار کرے اور جس کی چاہے عبادت کرے یا نہ کرے انہیں گمراہی سے نکالنے کے لئے نصیحت اور مشورہ تو درست ہے لیکن لڑائی کی اجازت ہرگز نہیں (ہاں اگر وہ بزور طاقت اپنے باطل نظریات ٹھونسنے کی کوشش کریں ان کے خلاف ہتھیار اٹھانا جائز ہی نہیں بلکہ لازمی ہے۔)

(تاہم اللہ تعالیٰ نے معذوروں اور بیماروں کو جہاد میں حصہ لینے سے مستثنیٰ کر دیا ہے، قرآن مجید میں ارشاد ہے:

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ

''اگر اندھا اور لنگڑا اور مریض جہاد کے لئے نہ آئے تو کوئی ہرج نہیں۔''

(17:48)

## تحفظ کے طلب گار غیر مسلموں کی حفاظت لازمی ہے:

اللہ تعالیٰ رحمٰن اور رحیم ہے اور امن اور رحم اسے بہت پسند ہے۔

قرآن میں ارشاد ہے:

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ
فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ۝

Marfat.com

''اور اگر مشرکین میں سے کوئی شخص پناہ مانگ کر تمہارے پاس آنا چاہے (تاکہ اللہ کا کلام سنے) تو اسے پناہ دے دو یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے پھر اسے اس کے مامن (پر امن ٹھکانہ) تک پہنچا دو۔ یہ اس لئے کرنا چاہئے کہ یہ لوگ علم نہیں رکھتے۔'' (6:9)

## اسلام جارحیت کو پسند نہیں کرتا:

اسلام کسی قسم کی جارحیت یا زیادتی کو پسند کرتا ہے نہ اس کی اجازت دیتا ہے۔ لڑنے کی اجازت بھی صرف اس صورت میں دی گئی جب حملہ کیا جائے۔ قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ

''اور تم اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں مگر زیادتی نہ کرو کہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔'' (190:2)

## اگر دشمن مائل بہ مصالحت ہو تو مسلمانوں پر صلح لازم ہے:

قرآن مجید کی درج ذیل آیت اسلام کے امن پسند مذہب ہونے کا بین ثبوت ہے۔ سورۃ الانفال میں فرمایا گیا:

وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا

''اور اے نبیؐ! اگر دشمن صلح وسلامتی کی طرف مائل ہو تو تم بھی اس کے لئے آمادہ ہو جانا۔......'' (61:8)

## مسلمانوں اور غیر مسلموں کے مابین معاہدے کی پابندی ضروری ہے:

قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ

اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ﴿۹۰﴾

''البتہ وہ منافق اس حکم سے مستثنیٰ ہیں جو کسی ایسی قوم سے جاملیں جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہے۔ اسی طرح وہ منافق بھی مستثنیٰ ہیں جو تمہارے پاس آتے ہیں اور لڑائی سے دلبرداشتہ ہیں، نہ تم سے لڑنا چاہتے ہیں نہ اپنی قوم سے۔ اللہ چاہتا تو ان کو تم پر مسلط کردیتا اور وہ بھی تم سے لڑتے۔ لہٰذا اگر وہ تم سے کنارہ کش ہو جائیں اور لڑنے سے باز رہیں اور تمہاری طرف صلح و آشتی کا ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے تمہارے لئے ان پر دست درازی کی کوئی سبیل نہیں رکھی۔''(90:4)

یعنی وہ گروہ بھی جو مسلمانوں کے حلیفوں کے حلیف بن جائیں مسلمانوں کے شریک معاہدہ قرار پائیں گے۔

اسی طرح ایک اور مقام پر ارشاد ہے:

إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْئًا وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوا إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَىٰ مُدَّتِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿۴﴾

''بجز ان مشرکین کے جن سے تم نے معاہدے کیے پھر انہوں نے اپنے عہد کو پورا کرنے میں تمہارے ساتھ کوئی کمی نہیں کی اور نہ تمہارے خلاف کسی کی مدد کی تو ایسے لوگوں کے ساتھ تم بھی مدت معاہدہ تک وفا کرو کیونکہ اللہ متقیوں ہی کو پسند کرتا ہے۔''(4:9)

## مسلمانوں کا صلح جو غیر مسلم رشتہ داروں سے برتاؤ کیسا ہو؟

قرآن مجید میں فرمایا گیا:

لَا يَنْهٰكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ

Marfat.com

يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

''اللہ تمہیں اس بات سے نہیں روکتا کہ تم ان لوگوں کے ساتھ نیکی اور انصاف کا برتاؤ کرو جنہوں نے دین کے معاملے میں تم سے جنگ نہیں کی ہے اور تمہیں تمہارے گھروں سے نہیں نکالا ہے۔ اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔'' (8:60)

یعنی ایسے غیر مسلم رشتہ دار جو اسلام کے خلاف کارروائیوں میں عملاً حصہ نہ لیں بلکہ غیر جانبدار رہیں ان سے لین دین اور تعلقات برقرار رکھنے کی ممانعت نہیں کی گئی (اس دین میں کہاں شدت پسندی ظاہر ہوتی ہے کہ جس میں اہل اسلام کو غیر مسلم رشتہ داروں سے قطع تعلق کے کرب سے بھی دوچار نہیں کیا گیا۔

## اسلام کی نظر میں تمام عبادت گاہیں محترم ہیں:

وہ تمام عبادت گاہیں جہاں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہو اسلام کے نزدیک مقدس اور محترم ہیں اور جو لوگ عبادت کی غرض سے وہاں جاتے ہیں چاہے وہ مسلمان ہوں، عیسائی ہوں یا یہودی...... اور اللہ کی وحدانیت پر ایمان رکھنے والے ہیں (اس لئے مسلمانوں پر ان تمام عبادت گاہوں کا احترام اور تحفظ لازم ہے جہاں ایک خدا کی عبادت کی جاتی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اس حوالے سے قرآن مجید میں فرمایا:

وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيْرًا ۗ

''...... اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے دفع نہ کرتا رہے تو خانقاہیں اور گرجے اور معبد اور مسجدیں جن میں اللہ کا کثرت سے نام لیا جاتا ہے سب مسمار کر ڈالی جائیں......'' (40:22)

## اللہ کی نظر میں انسانیت کی اہمیت سب سے زیادہ ہے:

اللہ تعالیٰ کو اپنی تمام مخلوقات میں انسان سے محبت سب سے زیادہ ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ
أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا ۖ وَمَنْ أَحْيَاهَا
فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ

''جس نے کسی انسان کو خون کے بدلے یا زمین میں فساد پھیلانے کے سوا کسی اور وجہ سے قتل کیا اس نے گویا تمام انسانوں کو قتل کر دیا اور جس نے کسی کی جان بچائی اس نے گویا تمام انسانوں کو زندگی بخش دی۔''

(32:5)

قرآن مجید میں ''انسان'' کے قتل کا ذکر کیا اس کے مذہب کی تخصیص نہیں کی یعنی اللہ کی نظر میں ایک بے گناہ شخص کا قتل پوری انسانیت کو ذبح کرنے کے مترادف ہے اور اسی طرح ایک انسان کی جان بچانا پوری نوع انسانی کو زندگی بخش دینے کے برابر ہے۔

اللہ تعالیٰ کی انسان سے محبت کا ایک اور ثبوت ملاحظہ ہو۔ انسان کی تخلیق کے حوالے سے ارشاد ربانی ہے:

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ۝

''ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا۔''(4:95)

ایک دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ

''پھر اس کو نک سک سے درست کیا اور اس کے اندر اپنی روح پھونک دی۔''(9:32)

اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا۔ قرآن مجید کی سورۃ الانعام میں ارشاد ہے:

Marfat.com

# وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ

''وہی ہے جس نے تم کو زمین کا خلیفہ بنایا۔'' (165:6)

جو لوگ یہ الزام لگاتے ہیں کہ نعوذ باللہ قرآن دہشت گردی پر اکساتا ہے کیا انہیں یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ ایک خالق جس کو اپنی مخلوق سے اس قدر محبت ہے کہ اسے اشرف المخلوقات کا درجہ دیا اور اپنا نائب بنایا کیا وہ ذات اپنی پیاری مخلوق کے ناروا قتل کی اجازت دے سکتی ہے۔ کیا الزام لگانے والوں کو انسانیت کے حوالے سے قرآن مجید کے فرامین یاد نہیں؟)

بلاشبہ ہر انسان کا نفس اسے برائی کی طرف مائل کرتا ہے لیکن اس کے ساتھ اس کا ضمیر اسے اس راستے سے باز رہنے کی طرف کھینچتا ہے (انسان میں محبت، قربانی، رحم، انکساری، دیانت داری، وفاداری اور نرم خوئی کے ساتھ ساتھ تخریبی رجحانات بھی پائے جاتے ہیں جو دنیاوی خواہشات کی کوکھ سے جنم لیتے ہیں، تاہم انسان پر اللہ تعالیٰ کے بے پایاں رحم و کرم کی بدولت اسے ضمیر جیسی نعمت میسر ہے جو اسے صحیح اور غلط میں تمیز کرنا سکھاتا ہے۔ اللہ پر یقین کامل، آخرت میں جواب دہی اور جہنم کے دائمی عذاب کے خوف اور جنت کے حصول کی خواہش، مومن کو دنیاوی خواہشات سے دور رہنے میں مدد دیتی ہے اس لئے وہ لوگوں سے حسن سلوک سے پیش آتا، درگزر سے کام لیتا، شر کا جواب خیر سے دیتا، ضرورت مندوں کی مدد کرتا، رحم، محبت اور رواداری کا مظاہرہ کرتا ہے۔

(اس کے مقابلے میں دہشت گرد اپنے ضمیر کی آواز سننے کی بجائے نفس کی بات مانتے اور تشدد سمیت دوسرے تمام شیطانی راستوں پر چلنے میں عار محسوس نہیں کرتے۔ انہیں نہ خدا خوفی ہی ان راہوں سے روکتی ہے اور نہ مذہب کی اخلاقیات ہی دامن گیر ہوتی ہیں۔ خود ہی انصاف کیجئے اسلام جیسا مذہب کیسے ان دہشت گردوں کی حمایت کرسکتا ہے جو عوامی مقامات اور عبادت گاہوں کو بم حملوں کا نشانہ بناتے اور بے گناہ انسانوں کے خون سے ہاتھ رنگتے ہیں جبکہ اس کی نظر میں ایک بے گناہ کا قتل پوری نوع انسانی کے قتل کے برابر ہے۔ جو گمراہ لوگ دوسرے مذاہب یا عقائد کے حامل لوگوں کی عبادت گاہوں پر حملے کرتے ہیں وہ اس حوالے سے اللہ تعالیٰ کے صریح حکم کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

7

# اسلام میں جہاد کا مقام

سب سے بڑے شارح اسلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق اسلام میں جہاد کو تیسری ترجیح حاصل ہے: جلیل القدر صحابی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

(میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: ''یا رسول اللہ! سب سے افضل عمل کون سا ہے''؟ آپ نے فرمایا ''نماز کو مقررہ وقت پر ادا کرنا''۔ میں نے پوچھا: ''یا رسول اللہ! اس کے بعد کون سا عمل افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: ''اپنے والدین کی خدمت (اور فرمانبرداری)'' میں نے پوچھا ''یا رسول اللہ! (ان دو کے بعد) پھر کون سا عمل افضل ہے''! آپ نے فرمایا ''اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔'') صحیح بخاری حدیث 2782)

اسلام کے اس فلسفہ جہاد کی روشنی میں یہ بات بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے متعین کردہ مقاصد کے لئے جہاد کا آج کے خودساختہ نظریات جہاد سے کوئی واسطہ نہیں جنہیں بعض گم کردہ راہ مسلمانوں نے حرز جان بنالیا ہے بلکہ وہ نادانستگی میں جہاد کے بارے میں مغرب میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کو مزید ہوا دے رہے ہیں جو مخصوص مقاصد کے لئے ایک منظم طریقے سے پھیلائی جارہی ہیں۔

8

# اللہ کی راہ میں جہاد کے قوانین وضوابط

اسلام ہر قسم کے حالات میں کسی بھی ظلم اور زیادتی کی اجازت نہیں دیتا تاہم اگر جنگ ناگزیر ہو جائے تو اس کے لئے اسلام میں سخت ضابطے مقرر کئے گئے ہیں جن کا ذکر آئندہ سطور میں آ رہا ہے۔ ان میں سے کچھ کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے جبکہ دیگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارکہ سے اخذ کئے گئے ہیں۔

1۔ ایک سچا مسلمان صرف نیک مقصد کے لئے جنگ میں حصہ لیتا ہے۔ ذاتی شہرت یا مال ومنال کی خواہش قطعاً اس کا مطمع نظر نہیں ہوتی نہ ہی نسلی تفاخر اسے آمادہ پیکار کر سکتا ہے۔

2۔ اپنے بچاؤ کے لئے تلوار اٹھانا جنگ کے لئے اجازت کی شرط ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے "اور تم اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو، جو تم سے لڑتے ہیں مگر زیادتی نہ کرو کہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔" (190:2)
مسلمانوں کو ان لوگوں کے خلاف تلوار اٹھانے کی اجازت نہیں دی گئی جو ان کے دین کے خلاف صف آرا نہیں اور جنگ میں اندھا دھند قتل عام کی بھی اجازت نہیں۔ بے گناہ عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور زخمیوں کے قتل کی ممانعت ہے۔

3۔ جنگ میں دشمن کی لاشوں کی بے حرمتی، انہیں مسخ کرنے، کھیتوں کو تباہ کرنے اور مویشیوں کو مارنے کی بھی اجازت نہیں ہوتی، اس قسم کی دوسری ناانصافیوں اور ظلم کی کارروائیوں کی بھی ممانعت ہے۔

4۔ قرآن حکیم کے مطابق طاقت کا استعمال اس وقت جائز ہے جہاں اس کے بغیر گزارا نہ ہو اور صرف اس حد تک جتنی ضروری ہو۔

Marfat.com

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات جنگ:

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ نظم وضبط کا احسن ترین نمونہ تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کے ہر شعبے میں قوانین اور ضابطوں کی پابندی فرمائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی متعدد غزوات کی قیادت فرمائی اور کتنے ہی سرایا روانہ فرمائے۔ ذیل میں ایک جنگی حکم نامہ کا خلاصہ دیا جا رہا ہے جو آپؐ اور آپؐ کے جانشین خلفا سالار لشکر کو جنگی مہم پر روانہ کرتے وقت جاری کرتے تھے اور سالار لشکر اور سپاہی دل وجان سے اس پر مکمل طور پر عمل کرتے تھے:

☆ اپنے دل کو ہر وقت خوف خدا سے لبریز رکھنا۔ یہ بات ہمیشہ یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے بغیر تم لوگ کچھ بھی کرنے کے قابل نہیں ہو۔

☆ یہ بات مت بھولو کہ اسلام امن اور محبت کا علمبردار ہے۔

☆ اپنے راستے میں آنے والے پھل دار درختوں کو کاٹنا نہ ہی آباد زمینوں کو برباد کرنا۔

☆ فتح یابی کے بعد انصاف پسندی کا مظاہرہ کرنا اور مفتوحین کے جذبات کا احترام کرنا۔

☆ خانقاہوں، عبادت گاہوں اور وہاں مقیم گوشہ نشین زاہدوں اور مذہبی اکابرین کا احترام کرنا۔

☆ شہریوں کو قتل نہ کرنا۔

☆ خواتین کی آبروریزی نہ کرنا اور مفتوحین کی عزت نفس اور وقار کا احترام کرنا۔

☆ بوڑھوں اور بچوں کو نقصان نہ پہنچانا۔

☆ کسی بھی جگہ شہری آبادی کے لوگوں سے تحائف قبول نہ کرنا۔

☆ اسلامی فوج کے افسروں اور سپاہیوں کو شہریوں کے گھروں میں قیام کی اجازت نہ دینا۔

(بحوالہ ایلنڈر یولمر۔ چرچ ہسٹری، 285، بخاری، مناقب 9، مندرجہ بالا تفصیلات۔ پیغمبر اسلام بحیثیت سپہ سالار، بزبان انگریزی از فتح اللہ گلین (ترک مورخ) افضل الرحمٰن)

Marfat.com

## میدان جنگ میں مسلمانوں کی طرف سے رحم دلی کا مظاہرہ:

اگرچہ جنگ اور محبت میں سب کچھ جائز سمجھا جاتا ہے لیکن مسلمانوں نے دشمن کے خلاف جنگ کے دوران بھی اپنے طرز عمل سے سنہری مثالیں قائم کیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد ایک سلطنت قائم کرنا نہیں تھا بلکہ آپ نوع انسان کے لئے رہبر اور رحمت بن کر تشریف لائے تھے تاکہ دین و دنیا دونوں جہانوں میں کامیاب و کامران ہوں۔ آپ انسانوں کے لئے زندگی میں اور ابدی کامیابیوں کی نوید لے کر آئے تھے انسانوں کا قتل عام کرانے نہیں۔ آپ کی پوری کوشش ہوتی تھی کہ جنگ سے جتنا بھی گریز ہو سکے بہتر ہے لیکن اگر جنگ ناگزیر ہو جائے تو آپ کی حکمت عملی یہ ہوتی تھی کہ کم سے کم جانی نقصان کے ساتھ مقاصد حاصل ہو جائیں۔ آپ نے اپنی حیات طیبہ میں 40 کے لگ بھگ جنگی مہمات روانہ فرمائیں جب کہ 28 مہمات ایسی تھیں جن میں آپ خود سالار لشکر تھے ان میں سے کم و بیش نصف مواقع پر عملاً جنگ کی نوبت آئی۔ مجموعی طور پر چھوٹی بڑی جھڑپوں اور لڑائیوں کی تعداد 80 سے زیادہ نہیں تھی۔ اور ان میں دونوں طرف سے کام آنے والے افراد کی تعداد ایک ہزار کے قریب تھی۔ جن میں سے 750 کافر اور 250 مسلمان تھے۔ یہ آپ کی کتنی بڑی کامیابی تھی کہ اتنے کم جانی نقصان کے ساتھ آپ نے تاریخ میں پہلی بار جزیرہ نما عرب میں امن قائم کر دیا اور ایک ایسے نظام کی بنیاد رکھی اور اسے اس حد تک مستحکم کر دیا کہ اس نے سلامتی اور امن کے ایک عالمگیر نظام کے قیام کا دروازہ کھول دیا۔

## اسلام انصاف کے لئے لڑنے کا حکم دیتا ہے:

قرآن پاک کے احکام کے مطابق مسلمانوں کو اس وقت تک جدوجہد جاری رکھنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک فتنہ کا خاتمہ اور غیر اللہ کی عبادت اور اطاعت اپنے انجام کو نہ پہنچ جائے۔ اس مقصد کے لئے اسلام اپنے پیروکاروں کو کمزوروں اور مظلوموں کی مدد کے لئے لڑنے کا حکم دیتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا

Marfat.com

مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۟

''آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں ان بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کمزور پاکر دبالئے گئے ہیں اور فریاد کر رہے ہیں کہ خدایا ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں، اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی و مدد گار پیدا کر دے۔'' (75:4)

9

# محمد صلی اللہ علیہ وسلم ...... رحمۃً لِّلعالمین

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری حیات طیبہ اپنی امت کے لئے رحم وکرم سے عبارت ہے۔ اپنی امت کی دنیوی اور اخروی زندگی کو سنوارنے اور اسے جہنم کے عذابوں سے محفوظ رکھنے کی آپ ؐ کی خواہش اس قدر شدید تھی کہ آپ ؐ اپنی قوم کی گمراہی سے پریشان اور دلگرفتہ رہتے تھے اور آپ ؐ کی پریشانی اس حد تک بڑھ گئی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ؐ کے اطمینان قلب کے لئے آیات نازل فرمائیں:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا۝

''اچھا، تو اے محمدؐ، شاید تم ان کے پیچھے غم کے بارے اپنی جان کھودینے والے ہو اگر یہ اس تعلیم پر ایمان نہ لائے۔'' (6:18)

مکہ میں نبوت کے بعد آپ ؐ کی قوم نے آپ کو اس قدر ستایا کہ آپ ؐ یہ شہر عزیز چھوڑنے پر مجبور ہو گئے جہاں آپ ؐ پیدا ہوئے اور اپنی تریسٹھ سالہ زندگی کے 50 سال گزارے مگر اپنی قوم کے لئے آپ ؐ کے درد کا یہ عالم تھا کہ جب جنگ احد میں آپ ؐ شدید زخمی ہو چکے تھے تو ان لوگوں کے لئے جن کے تیروں نے آپ کا جسم چھلنی اور جن کی تلواروں نے آپ ؐ کے جسد مبارک پر گہرے گھاؤ لگائے تھے آپ ؐ اپنے رب کے حضور دست سوال دراز کئے ہوئے تھے:

''اے اللہ! میری قوم کے لئے بخشش کے دروازے کھول دے اس لئے کہ وہ نہیں جانتے (کہ وہ کیا کر رہے ہیں)'' (بخاری۔انبیاء 54)

Marfat.com

## فتح مکہ کے موقع پر:

فتح مکہ کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس رواداری اور حسن سلوک کا مظاہرہ فرمایا وہ آپ کی پیغمبرانہ شان کے عین مطابق تھا تاریخ عالم اس عفو اور درگزر کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ اہل مکہ خوف سے کانپ رہے تھے کہ نہ جانے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے، مجمع میں وہ شقی القلب کافر بھی تھے جنہوں نے آپؐ اور آپؐ کے پیروکاروں پر مظالم ڈھائے تھے اور اب جہاں وہ عرب کی انتقامی روایات سے خوفزدہ تھے وہاں وہ آپ کی رحمت بے پایاں اور درد مند دل سے بھی آگاہ تھے۔ اس لئے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا ''تم کیا توقع رکھتے ہو کہ میں تم سے کیا سلوک کرنے والا ہوں؟'' ان کے منہ سے بیک آواز نکلا ''آپؐ ایک کریم بھائی اور کریم باپ کے بیٹے ہیں۔'' اس موقع پر آپؐ نے وہ تاریخی الفاظ ادا فرمائے جو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے قصوروار اور خوف سے لرزاں بھائیوں سے کہے تھے۔

لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾

ترجمہ: ''آج تم پر کوئی گرفت نہیں (جاؤ تم آزاد ہو) اللہ تمہیں معاف کرے وہ سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔'' (92:12)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات مجسم رحمت تھی۔

اس کی گواہی قرآن مجید نے بھی دی ہے:

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

''دیکھو تم لوگوں کے پاس ایک رسول آیا ہے جو خود تم میں سے ہی ہے۔ تمہارا نقصان میں پڑنا اس پر شاق ہے، تمہاری فلاح کا وہ حریص ہے۔ ایمان لانے والوں کیلئے وہ شفیق اور رحیم ہے۔'' (128:9)

Marfat.com

# منافق اور مشرکین بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحم دلی سے فیض یاب ہوتے تھے:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحم دلی اور دریا دلی صرف مسلمانوں تک ہی محدود نہ تھی بلکہ منافق اور مشرکین بھی فیض یاب ہوتے تھے۔ آپ کو بخوبی علم تھا کہ سچے مسلمان کون ہیں اور منافق کون ہیں۔ مگر آپؐ نے کبھی ان کی اصلیت ظاہر نہیں کی تاکہ انہیں مکمل شہری حقوق حاصل رہیں اور شاید وہ کبھی سچے مسلمان بن جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس کے لئے کبھی سزا بھی نہیں دی بلکہ ان کا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا کہ وہ جو چاہے گا ان کا فیصلہ کرے گا۔ آپؐ سزائیں دینے سے حتی الامکان گریز فرماتے تھے اور اس سے آپ کا مقصد یہ تھا کہ شاید وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ لیں اور وہ اپنے بندوں کو معاف کردے (ماعز بن مالک کا مشہور واقعہ ہے جب اس نے آپؐ کے سامنے اپنے گناہ کا اعتراف کیا تو آپؐ نے ہر ممکن کوشش فرمائی کہ وہ کسی طرح اپنے الفاظ واپس لے لے اور سزا سے بچ جائے۔ جب سزا پر عملدرآمد ہو گیا تو ایک شخص نے اِس پر لفظ طعن دراز کیا اور کہا ''اس نے جو جرم تنہائی میں کیا تھا اس کو ظاہر کر دیا اور پھر کتے کی موت مارا گیا'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان لفظوں پر سخت غصہ آیا۔ اور آپؐ نے فرمایا ''اس کی توبہ اتنی بڑی ہے کہ دنیا کے تمام گناہ گاروں کی بخشش کے لئے کافی ہے۔''

(مسلم، حدود 17-23۔ بخاری، حدود 28)

بیواؤں، یتیموں، کمزوروں، ناداروں اور معذوروں پر آپ کی نظر شفقت تھی اور آپؐ ہمیشہ ان کی زیادہ سے زیادہ مدد کرتے تھے۔ جب آپؐ غار حرا میں پہلی وحی کی آمد سے پریشان اور گھبرائے ہوئے گھر تشریف لائے تو آپ کی اہلیہ خدیجہ مطہرہؓ نے آپ کو تسلی دی اور فرمایا:

''مجھے گمان ہے کہ آپؐ اس امت کے پیغمبر ہوں گے۔ آپؐ ہمیشہ سچ بولتے ہیں۔ امانتیں ان کے مالکوں کو لوٹاتے ہیں۔ اپنے رشتہ داروں کی مدد فرماتے ہیں۔ غریبوں اور کمزوروں کا آپؐ سہارا ہیں اور مہمانوں کی میزبانی بھی کرتے ہیں۔'' (طبقات۔ ابن سعد 195:1)

کیا ایسی خصوصیات کا حامل شخص کبھی بھی اپنے پیروکاروں کو بے گناہ لوگوں پر ظلم کا سبق دے سکتا ہے؟

Marfat.com

## اسلام اپنے پیروکاروں کو جانوروں پر بھی رحم کرنے کا حکم دیتا ہے:

اسلام یہ بھی اجازت نہیں دیتا کہ جانوروں اور پرندوں کو بھی ستایا جائے یا انہیں ایذا دی جائے بلکہ وہ ان پر رحم و ہمدردی کا سبق دیتا ہے اور اس کے بدلے میں جنت میں درجات کی بشارت بھی دیتا ہے (ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے ایک واقعہ بیان فرمایا ایک طوائف کو اللہ تعالیٰ نے اس لئے بخش دیا کہ اس نے پیاس سے بے حال کتے کو پانی پلایا تھا جبکہ ایک اور عورت جو عبادت گزار تھی مگر اس نے اپنے اوپر جہنم واجب کر لی جب اس نے ایک بلی کو باندھ کر رکھا اور اسے کھانے پینے کو کچھ نہ دیا اور وہ بھوکی پیاسی مر گئی۔"
(بخاری۔انبیاء۔54)

(اسی طرح ایک دفعہ جنگی مہم کے دوران کچھ لوگوں نے ایک پرندے کے بچے گھونسلے سے نکال لئے۔ بچوں کی ماں جب دانہ دنکا لے کر آئی تو بچوں کو نہ پا کر بے چین ہو گئی اور پڑاؤ کے اس مقام پر بے تابی سے چکر لگانے اور فریادیں کرنے لگی جہاں اس کے بچے رکھے گئے تھے۔ اس بات کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا تو آپؐ نے بچے گھونسلے میں واپس رکھنے کا حکم دیا)
(ابوداؤد۔آداب، 164، جہاد 112)

(حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ دیکھا کہ ایک شخص بھیڑ ذبح کرنے کے لئے چھری اس کے سامنے ہی تیز کر رہا تھا جس پر آپؐ نے اسے فرمایا "کیا تم اسے بار بار مارنا چاہتے ہو؟" (حاکم، مستدرک 4، 231، 233)

کیا اس سے بڑی انسان اور حیوان دوستی ہو سکتی ہے اور کچھ خاکم بدھن بد باطن لوگ جو کچھ مغربی اخبارات میں توہین آمیز خاکوں کے ذریعے دکھا رہے ہیں کیا اس کا ہلکا پھلکا سا پرتو بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں پایا جاتا ہے؟

تحقیق و تحریر: سید خالد جاوید مشہدی

روزنامہ نوائے وقت ملتان۔

# استفسارات
# اور ان کے جوابات

Marfat.com

# مسلمان ہی دہشت گرد اور انتہا پسند کیوں؟

سوال: آخر ایسا کیوں ہے کہ بیشتر دہشت گرد اور انتہا پسند مسلمان ہی ہوتے ہیں؟

ڈاکٹر ذاکر نائیک: یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ جہاں بھی عالمی سیاست پر یا مذہبی نوعیت کی کوئی بھی بحث ہوتی ہے۔ یہ سوال لڑھکا دیا جاتا ہے اور میڈیا سے اسلام کے بارے میں بدنیتی سے جو غلط سلط باتیں پھیلائی جارہی ہیں اس نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے (جس کی بنیاد پر مسلمان دنیا بھر میں امتیازی سلوک کا نشانہ بن رہے ہیں اور ان پر ظلم اور تشدد بھی روا رکھا جاتا ہے (آپ کو امریکہ میں اوکلاہاما کا بم دھماکے کا واقعہ یاد ہوگا جب بغیر کسی تحقیق کے فوراً بم کے پیچھے "مڈل ایسٹ سازش" کا ایک طومار کھڑا کر دیا گیا حالانکہ جو مجرم بعد میں پکڑا گیا اس کا تعلق امریکی فوج سے تھا)

(آیئے ہم بنیاد پرستی یا انتہا پسندی اور دہشت گردی کے معاملے کا تجزیہ کریں۔

## 1۔ لفظ بنیاد پرست کی تعریف:

(بنیاد پرست کی تعریف یہ ہے کہ وہ شخص جس عقیدے اور نظریے کا پیروکار ہے اس کی مبادیات یعنی بنیادی اصولوں پر سختی سے کاربند ہو) ایک ڈاکٹر کے لئے ضروری ہے کہ وہ طب کی مبادیات سے پوری طرح آگاہ ہو اور ان پر سختی سے عمل بھی کرے۔ دوسرے لفظوں میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسے طب کے شعبے میں بنیاد پرست ہونا چاہئے (اسی طرح ایک اچھے ماہر ریاضی کے لئے ریاضی کے بنیادی اصولوں سے کما حقہ آگاہی اور ان پر لفظاً اور معناً عمل ضروری ہے اور اسے ریاضی کے شعبے میں فنڈامینڈلسٹ یعنی بنیاد پرست ہونا چاہیے۔ ایک اچھے سائنس دان کے لئے ضروری ہے کہ وہ سائنس کے مبادیات سے نہ صرف اچھی طرح آگاہ ہو بلکہ ان پر عمل پیرا بھی ہو یعنی اچھا سائنسدان سائنس کے شعبے میں فنڈامینڈلسٹ یا بنیاد پرست ہو)

Marfat.com

## 2۔تمام بنیاد پرست ایک جیسے نہیں ہوتے:

تمام بنیاد پرستوں کو ایک ہی پیمانے سے ناپا نہیں جاسکتا نہ ہی تمام بنیاد پرستوں کو اچھے یا برے کے خانوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے (کسی بنیاد پرست کے اچھے یا برے ہونے کا انحصار اس کے متعلقہ شعبے اور عمل پر ہے جس میں وہ بنیاد پرستی کا مظاہرہ کرے) ایک بنیاد پرست ڈاکو یا چور معاشرے کے لئے باعث آزار ہے اس لئے معاشرہ اسے پسند نہیں کرتا جب کہ بنیاد پرست ڈاکٹر معاشرے کی خدمت کرتا ہے اور اس لئے معاشرہ میں اسے احترام کا درجہ حاصل ہے)

## 3۔مجھے بنیاد پرست مسلمان ہونے پر فخر ہے:

میں ایک راسخ العقیدہ مسلمان ہوں اور اللہ کے فضل وکرم سے اسلام کی مبادیات سے پوری طرح آگاہ اور ان پر عمل پیرا ہونے کی پوری کوشش کرتا ہوں اور ایک سچے مسلمان کو بنیاد پرست مسلمان ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے کسی قسم کی جھجک یا شرمندگی کا احساس نہیں ہونا چاہئے (میں اپنے بنیاد پرست مسلمان ہونے پر فخر کرتا ہوں کیونکہ مجھے یقین ہے کہ اسلام کے بنیادی اصول نہ صرف انسانیت بلکہ دنیا کی دوسری مخلوقات کے لئے بھی فائدہ مند ہیں (اسلام کا ایک بھی اصول ایسا نہیں جو نوع انسانی کی اجتماعی بہبود کے خلاف ہو۔ بہت سے لوگ اسلام سے متعلق تشکیک کا شکار ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اسلام کی بعض تعلیمات انصاف پر مبنی نہیں (یہ سوچ صرف اسلام کے بارے میں درست اور مکمل علم نہ ہونے کا نتیجہ ہے۔ اگر اسلامی تعلیمات کا کھلے ذہن کے ساتھ تجزیہ کیا جائے تو اس حقیقت تک پہنچے بغیر نہیں رہا جاسکتا کہ (اسلام اجتماعی اور انفرادی دونوں حوالوں سے فائدہ بخش ہے)

## 4۔بنیاد پرستی کی اصطلاح پہلی بار مسیحیوں کیلئے استعمال کی گئی:

انگریزی کی معروف ویبسٹر (Webster`s) کی ڈکشنری کے مطابق فنڈامنٹلزم ایک تحریک تھی جو 20 ویں صدی کے اوائل میں امریکہ کے پروٹسٹنٹ حلقوں کے اندر اٹھی۔ یہ جدیدیت کے خلاف ایک ردعمل تھا او(ان کا زور اس بات پر تھا کہ بائبل نہ صرف عقائد اور اخلاقیات کے معاملات بلکہ تاریخی حوالوں سے بھی غلطیوں سے پاک کتاب ہے اور ان کا عقیدہ یہ تھا کہ بائبل حرف بہ حرف اللہ کے اپنے الفاظ پر مشتمل ہے اسی طرح تاریخی حوالے کے مطابق بنیاد

Marfat.com

پرستی کی اصلاح پہلی بار مسیحیوں کے ایک فرقے کے لئے استعمال کی گئی جن کا عقیدہ تھا کہ بائبل میں کوئی تحریف یا تبدیلی نہیں کی گئی اور یہ ہو بہو اللہ کے الفاظ پر مبنی کتاب ہے)

آکسفورڈ ڈکشنری کے مطابق "کسی بھی مذہب خصوصاً اسلام کے قدیم اولین یا بنیادی نظریات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہونا" مگر آج اہل مغرب نے بنیاد پرستی کو اسلام اور مسلمانوں سے منسوب کر دیا ہے اور دہشت گردی کا تعلق اسلام سے جوڑ دیا گیا ہے)

## 5۔ ہر مسلمان کو "دہشت گرد" ہونا چاہیئے:

میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں کہ ہر مسلمان کو دہشت گرد ہونا چاہیئے (دہشت گرد وہ ہوتا ہے جس سے سب ڈریں جو خوف پھیلا دے) جیسے کہ چور، ڈاکو جونہی پولیس کو دیکھتے ہیں وہ دہشت زدہ ہو جاتے ہیں یعنی ڈاکو کے لئے پولیس مین دہشت گرد ہے (اسی طرح ہر مسلمان کو سماج دشمن عناصر کے لئے دہشت گرد ہونا چاہیئے یعنی چور، ڈاکو اور عزتوں کے لٹیرے مسلمان کو دیکھ کر دہشت سے لرزنے لگیں (یہ بات درست ہے کہ آج کے دور میں دہشت گرد سے مراد وہ شخص ہے جو اپنی سرگرمیوں سے عوام الناس میں خوف و ہراس پھیلا دے (لیکن سچا مسلمان وہ ہے جو سماج دشمن عناصر کے لئے دہشت کی علامت بن جائے لیکن بے گناہ شہریوں کے لئے اس کا وجود امن اور تحفظ کا ضامن ہونا چاہیئے۔)

## 6۔ ایک دور کے دہشت گرد دوسرے دور میں محبّ وطن ہیرو بن جاتے ہیں:

آزادی سے قبل جب برصغیر پاک و ہند پر انگریزوں کی حکمرانی تھی تو آزادی کے لئے لڑنے والے جنہوں نے برطانوی ابتلاء کے سامنے سر تسلیم خم نہ کیا دہشت گرد قرار پائے تاہم جب انگریزی راج ختم ہو گیا تو یہی دہشت گرد "محب وطن" قرار دیئے گئے۔ یعنی ایک ہی قسم کی سرگرمیوں کی پاداش میں ایک حکومت نے انہیں دہشت گرد بنا دیا جب کہ دوسری حکومت نے حب الوطنی کی خلعت سے نوازا (اس طرح جو لوگ سمجھتے تھے کہ ہندوستان پر انگریزوں کا قبضہ اور حکومت درست ہے وہ اس راج کے خلاف لڑنے والوں کو دہشت گرد اور جن لوگوں کا خیال تھا کہ انگریزوں کو اس ملک پر قبضہ اور راج کرنے کا کوئی حق نہیں وہ ان جنگجوؤں کو محب وطن اور ہیرو قرار

دیتے تھے(اس لئے انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ کسی بھی شخص کے بارے میں فیصلہ دینے سے قبل اس کا مؤقف ضرور سنا جائے۔ دونوں فریقوں کا مؤقف معلوم کر کے پھر صورتحال کا تجزیہ کیا جائے۔ یہ دیکھا جائے کہ اس شخص کا کیا ارادہ تھا کہ اس کے پاس اپنے عمل کا کیا جواز تھا)

## 7۔اسلام کا مطلب امن اور سلامتی ہے:

اسلام ''سلام'' سے نکلا ہے جس کا مطلب امن اور سلامتی ہے۔ یہ امن اور سلامتی کا دین ہے اور اپنے پیروکاروں کو دنیا میں امن کو فروغ دینے کی تلقین کرتا ہے۔ اس طرح ہر مسلمان کو بنیاد پرست ہونا چاہئے یعنی سلامتی کے دین، اسلام کی مکمل پیروی کرنی چاہئے اور اسے سماج دشمن عناصر کے لئے دہشت گرد ہونا چاہئے تا کہ معاشرے میں امن اور انصاف کا دور دورہ ہو)

# کیا اسلام تلوار کے زور پر پھیلا؟

سوال: اسلام کو امن کا دین کیسے کہا جا سکتا ہے جبکہ اسے تلوار کے زور پر پھیلایا گیا؟

ڈاکٹر ذاکر نائیک: بعض غیر مسلموں کے ہاں یہ تصور بہت پختہ ہے کہ اگر مسلمان طاقت استعمال نہ کرتے تو آج دنیا میں اسلام کے پیروکاروں کی تعداد اس قدر زیادہ نہ ہوتی مگر حقیقت اس کے برعکس ہے اور دلائل کے ساتھ یہ حقیقت ثابت کی جا سکتی ہے کہ اسلام تلوار کے زور پر نہیں پھیلا بلکہ یہ سچائی، دلیل اور منطق کی طاقت تھی جس نے اسلام کو تیزی کے ساتھ دنیا میں پھیلایا۔

## 1۔اسلام کا مطلب:

اسلام کا مطلب ہی امن اور سلامتی ہے۔ یہ لفظ ''سلام'' سے نکلا ہے اس سے مراد اللہ کی رضا کے سامنے سر جھکانا بھی ہے۔ اس حوالے سے اسلام امن کا علمبردار مذہب ہے اور اس کا حصول خالق کائنات کی رضا کے سامنے سر جھکانے سے ہی ممکن ہے)

## 2۔بعض اوقات طاقت کا استعمال بھی ضروری ہوتا ہے:

دنیا میں بسنے والا ہر انسان انفرادی مزاج اور طبیعت کا حامل ہے اور سب ہی لوگ امن پسند نہیں ہوتے اور ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو اپنے مذموم مقاصد کے لئے دنیا کا امن درہم برہم کرنے پر تلے رہتے ہیں اس لئے بعض اوقات امن برقرار رکھنے کے لئے طاقت کا استعمال ناگزیر

ہو جاتا ہے اور اس مقصد کے لئے پولیس کا محکمہ قائم کیا گیا ہے تا کہ سماج دشمن عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام کی جا سکے (اسلام امن کے فروغ کا علمبردار ہے تاہم یہ اپنے پیروکاروں کو تلقین کرتا ہے کہ جہاں ظلم ہو اس کے خلاف لڑیں اور ظاہر ہے ظلم کے خلاف لڑنے کے لئے طاقت کی ضرورت ہوتی ہے (اسلام میں صرف امن اور انصاف کے لئے طاقت کے استعمال کی اجازت ہے۔

## 3۔مورخ ڈی لیسی اولیری کی رائے:

اس غلط تصور کہ اسلام بزور شمشیر پھیلا کا جواب انگریز مورخ ڈی لیسی اولیری نے اپنی کتاب Islam at the Cross Road میں بڑے احسن انداز میں دیا ہے۔ صفحہ 8 پر وہ لکھتے ہیں:

''تاریخ نے بہرحال یہ حقیقت کھول دی ہے کہ مسلمانوں کے بارے میں یہ روایتی تعصب پر مبنی کہانیاں کہ مسلمان جنونی انداز میں دنیا میں فتوحات کرتے اور تلوار کے زور پر مفتوحین کو اپنے مذہب میں داخل کرتے رہے۔ سب نامعقول اور فضول افسانے ہیں جنہیں مؤرخین دہراتے رہتے ہیں۔''

## 4۔سپین میں اسلامی حکومت کے 800 سال:

مسلمانوں نے سپین پر 800 سال حکومت کی مگر غیر مسلم رعایا کو اسلام میں داخل کرنے کے لئے کبھی ریاستی طاقت کا سہارا نہیں لیا مگر بعد میں آنے والے مسیحی فاتحین نے مسلمانوں کا مکمل صفایا کر دیا اور ایک ایسا وقت بھی آیا کہ سپین میں ایک بھی مسلمان باقی نہیں رہ گیا تھا جو کبھی اذان ہی دے دیتا۔

## 5۔ایک کروڑ، 40 لاکھ عرب پیدائشی عیسائی ہیں:

عرب دنیا پر سوائے برطانیہ اور فرانس کے چند برسوں کے مسلمان 14 سو سال سے حکمران ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ان ممالک میں ایک کروڑ 40 لاکھ قبطی عیسائی ہیں یعنی نسل در نسل عیسائی چلے آرہے ہیں۔ یہ بات بالکل واضح ہے کہ اگر مسلمان حکمران طاقت استعمال کرتے تو ایک بھی عرب غیر مسلم نہ رہ جاتا۔

Marfat.com

## 6۔ بھارت کی 80 فیصد سے زیادہ غیر مسلم آبادی:

(ہندوستان پر مسلمانوں کی حکومت کا دورانیہ ایک ہزار سال سے کم نہیں وہ بلا شرکت غیرے ہندوستان کے مالک تھے اوران کے لئے کچھ مشکل نہ تھا کہ وہ ہر ہندو کو طاقت کے زور پر مسلمان بنا لیتے لیکن آج بھارت کی 80 فیصد سے زائد ہندو آبادی اس امر کا زندہ ثبوت ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے مذہبی رواداری سے کام لیا اور مذہبی آزادی کو جاری وساری کیا۔

## 7۔ انڈونیشیا اور ملائشیا کے مسلمان:

انڈونیشیا دنیا بھر میں مسلمانوں کی آبادی کے حوالے سے سب سے بڑا ملک ہے اسی طرح ملائشیا میں بھی مسلمان اکثریت میں ہیں (معترضین سے پوچھا جاسکتا ہے کہ ان دونوں ممالک کو کون سی اسلامی فوج نے فتح کیا تھا)

## 8۔ افریقہ کا مشرقی ساحل:

اسی طرح افریقہ کے مشرقی ساحل پر بھی اسلام تیزی کے ساتھ پھیلا۔ اگر اسلام پھیلانے کا ذریعہ تلوار ہی تھا تو افریقہ کے مشرقی ساحل پر کس اسلامی فوج نے حملہ کیا تھا؟۔

## 9۔ تھامس کارلائل کی رائے:

معروف مؤرخ تھامس کارلائل نے اپنی کتاب ''ہیروز اینڈ ہیرو ورشپ'' میں اس موضوع کو حوالہ بنایا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''اسلام کے فروغ میں ''تلوار'' ضرور استعمال ہوئی لیکن یہ تلوار کیسی تھی؟ ایک نظریہ تھا۔ ہر نیا نظریہ شروع میں فرد واحد کے دماغ میں جنم لیتا ہے۔ وہاں وہ نشو ونما پاتا ہے۔ اس پر ابتداء میں ایک ہی شخص یقین رکھتا ہے۔ یعنی ایک شخص فکری حوالے سے تمام دوسرے انسانوں سے مختلف ہوتا ہے۔ اگر وہ ہاتھ میں تلوار لے کر اپنا نظریہ پھیلانے کی کوشش کرے تو یہ کوشش بے سود رہے گی لیکن اگر آپ کے نظریے میں طاقت ہے تو یہ خود بخود پھیلتا چلا جائے گا۔''

Marfat.com

## 10۔اسلام میں کوئی جبر نہیں:

یہ بات تو تاریخی طور پر بھی درست نہیں کہ اسلام تلوار کے زور پر پھیلا لیکن اگر مسلمان تلوار استعمال کرنے پر آمادہ ہو بھی جائے تو وہ ایسا نہ کر سکتے کیونکہ اسلام نے اس کی ممانعت کر دی ہے۔قرآن مجید کی سورۃ بقرہ میں ارشاد ہے:

لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ ۖ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ

''دین کے معاملے میں کوئی زور زبردستی نہیں ہے
صحیح بات غلط خیالات سے الگ چھانٹ کر رکھ دی گئی ہے۔''(256:2)

## 11۔حکمت اور دانائی کی تلوار ہی کاٹ کرتی ہے:

یہ بات طے شدہ ہے کہ حکمت اور دانائی ہی دراصل وہ تلوار ہے جو دلوں کو فتح اور ذہنوں کو مسخر کرتی ہے۔قرآن مجید کی سورۃ النحل میں ارشاد ہے:

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ
وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ ۚ

''اے نبی! اپنے رب کے راستے کی طرف دعوت دو حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ، اور لوگوں سے مباحثہ کرو ایسے طریقہ پر جو بہترین ہو۔''
(156:16)

## 12۔نصف صدی میں مذاہب عالم کے پیروکاروں میں اضافے کا جائزہ:

عالمی شہرت یافتہ جریدے ریڈرز ڈائجسٹ میں 1986ء میں ایک مضمون شائع ہوا جس میں 1934 سے 1984 تک کی نصف صدی کے دوران مذاہب عالم کے پیروکاروں کی تعداد میں اضافے کے اعداد وشمار دیئے گئے تھے۔یہ آرٹیکل ''پلین ٹرتھ''Plain Truth نامی جریدے میں بھی شائع ہوا۔اس کے مطابق اسلام کی حقیقت کو قبول کرنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ تھی اور اس کے اضافے کی شرح 235 فیصد تھی جبکہ عیسائیت میں اضافہ 47 فیصد تھا۔ سوال یہ ہے کہ کس ملک میں جنگ ہوئی جس کے نتیجے میں لاکھوں لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔

Marfat.com

## 13۔ یورپ اور امریکہ میں سب سے زیادہ تیزی سے پھیلنے والا مذہب اسلام ہے:

یہ ریکارڈ کی بات ہے کہ آج امریکہ اور یورپ میں اسلام تمام مذاہب کی نسبت زیادہ تیز رفتاری سے پھیل رہا ہے۔ کیا معترضین اس سوال کا جواب دیں گے کہ یورپ اور امریکہ میں اسلام قبول کرنے والوں کے سر پر کس نے تلوار لٹکائی ہے کہ وہ اتنی بڑی تعداد میں مذہب تبدیل کر رہے ہیں۔

## 14۔ ڈاکٹر جوزف آدم پیئرسن کے تاثرات:

ڈاکٹر جوزف آدم پیئرسن کی رائے درست معلوم ہوتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ''جو لوگ اس بات پر پریشان ہیں کہ کہیں ایٹمی ہتھیار کسی روز عربوں کے ہاتھ میں نہ آ جائیں، وہ اس حقیقت کا ادراک کرنے سے قاصر ہیں کہ اسلامی بم تو پہلے ہی گرایا جا چکا ہے اور یہ بم اس روز گرایا گیا تھا جس روز محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا میں تشریف لائے تھے۔''

# کیا قرآن غیر مسلموں کے قتل پر اکساتا ہے؟ (نعوذ باللہ)

سوال: کیا آپ ارون شوری کے اس الزام کا جواب دیں گے کہ قرآن غیر مسلموں کے قتل پر اکساتا ہے؟

ڈاکٹر ذاکر نائیک: ہاں اس نے بڑی فتنہ انگیزی کی ہے اور قرآن مجید کی ادھوری آیت نقل کر کے اپنے مطلب کے معانی اخذ کرنے کی کوشش کی۔ اس نے جس آیت کا حوالہ دیا وہ سورۃ ''فتح'' کی آیت ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ

''محمد، اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت اور آپس میں رحیم ہیں۔'' (29:48)۔

آیت کے ایک مختصر حصے کو سیاق و سباق سے نقل کر کے اس نے یہ کوشش کی ہے کہ یہ ظاہر کیا جا سکے کہ ہم مسلمان غیر مسلموں کے لئے بے رحم ہیں۔ اگر آیت کو پورے تناظر میں پڑھا

Marfat.com

جائے تو اس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

هُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا أَن يَبْلُغَ مَحِلَّهُ

''وہی تو لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام سے روکا اور ہدی کے اونٹوں کو ان کی قربانی کی جگہ نہ پہنچنے دیا۔'' (25:48)

(مشرکین مکہ نے مسلمانوں کو حج کرنے سے روک دیا تھا۔ میرا سوال یہ ہے کہ اگر کسی عیسائی بھائی کو ویٹی کن سٹی میں داخل ہونے سے روک دیا جائے تو کیا وہ روکنے والوں کی بلائیں لیں گے؟ اسی طرح اگر ہندو بھائیوں کو بنارس شہر میں داخل ہونے سے روک دیا جائے تو کیا وہ اسے پسند کریں گے؟۔ قدرتی بات ہے کہ نہیں۔ یہی بات قرآن کہہ رہا ہے کہ مسلمان ان لوگوں کے خلاف سخت ہیں جنہوں نے انہیں کعبہ میں داخل ہونے سے روکا اور قربانیاں نہیں کرنے دیں اور مکہ میں مقیم مسلمانوں سے ملنے نہیں دیا۔ (بحوالہ واقعہ حدیبیہ))

## مشرکین کا قتل کس وقت جائز ہے؟

ارون شوری کی فتنہ سامانی اسی پر ختم نہیں ہو جاتی۔ اپنی بدنام زمانہ کتاب ''فتوؤں کی دنیا'' میں صفحہ 571، 572 پر اس نے اپنی ''پسندیدہ'' آیت بغیر کسی سیاق وسباق سے نقل کر کے اپنی مرضی کے معانی اخذ کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ سورۃ توبہ کی پانچویں آیت ہے: ملاحظہ ہو۔

فَإِذَا انسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

''پس جب حرام مہینے گزر جائیں تو مشرکین کو قتل کر دو جہاں پاؤ اور انہیں پکڑو اور گھیرو اور ہر گھات میں ان کی خبر لینے کے لئے بیٹھو۔ پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں تو انہیں چھوڑ دو۔ اللہ درگزر کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔'' (5:9)

Marfat.com

اس نے ''مشرکین'' کے لفظ کے بعد بریکٹ میں لکھ دیا ''ہندو'' یعنی گویا کہ قرآن مسلمانوں کو حکم دے رہا ہے کہ ہندوؤں کو جہاں دیکھو پکڑ کر قتل کر دو لیکن اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو چھوڑ دو۔''

(دراصل یہ معاملہ سورۃ کی پہلی آیت سے شروع ہوتا ہے اور اس میں مسلمانوں اور مشرکین میں معاہدہ کا ذکر ہے) اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں مشرکین کو خبردار کیا ہے کہ اگر انہوں نے حرمت والے چار ماہ {(اس سے مراد معروف اسلامی مہینے نہیں بلکہ وہ چار مہینے تھے جن کی مشرکوں کو مہلت دی گئی تھی۔ (مترجم بحوالہ تفہیم القرآن از سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم)} گزرنے تک معاملات درست نہ کیے تو پھر جنگ ناگزیر ہو جائے گی اور جہاں تک اس حکم کا تعلق ہے کہ ''مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کر دو۔'' تو یہ دراصل اللہ کی طرف سے جنگ کے دوران کی حکمت عملی کا مشورہ مسلمانوں کو دیا جا رہا ہے۔

سوال یہ ہے کہ کیا جنگ کے دوران ''دشمن کو جہاں پاؤ قتل کر دو'' کی حکمت عملی پر عمل نہ کرنے کا کوئی بھی متحارب فریق متحمل ہو سکتا ہے، آپ امریکہ اور ویت نام کے مابین جنگ کی مثال لے لیں کہ دوران جنگ امریکی صدر اپنے سپاہیوں کو حکم جاری کر دے کہ ویت نامیوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو۔ اب اگر ہم امریکی صدر کا ربع صدی سے بھی پرانا حکم نکال کر کہہ دیں کہ دیکھئے امریکی صدر ویت نامیوں کے قتل عام کا حکم دے رہا ہے۔ بلا شبہ کوئی بھی شخص جو پس منظر سے واقف نہ ہو یہی کہے گا کہ یہ بربریت ہے لیکن یہ بات جنگ کے دوران بربریت نہیں بلکہ جنگی حکمت عملی کہلاتی ہے کہ جتنے زیادہ سے زیادہ دشمن مار سکتے ہو مارو۔ اگر قرآن یہی حکم مسلمانوں کو دے رہا ہے تو کچھ غلط تو نہیں کہہ رہا)

## قرآن میں مشرکوں کو پناہ دینے کا حکم بھی ہے:

ارون شوری کی خباثت دیکھئے کہ اپنی ''ضرورت'' کے معانی اخذ کر کے وہ اپنی رسوائے زمانہ کتاب کے صفحہ 572 پر حوالہ دیتے وقت آیت 5 سے براہ راست آیت 7 اور 8 پر پہنچ جاتا ہے اور چھٹی آیت کو گول کر جاتا ہے اور میں بتاتا ہوں اس کی وجہ کیا ہے۔ آپ آیت 6 کو پڑھیں آپ کو وجہ خود بخود سمجھ میں آ جائے گی۔

Marfat.com

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰی یَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْلَمُوْنَ

''اوراگر مشرکین میں سے کوئی شخص پناہ مانگ کرتمہارے پاس آنا چاہے (تا کہ اللہ کا کلام سنے) تو اسے پناہ دے دو یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے۔پھر اسے اس کے مامن تک پہنچادو، یہ اس لئے کرنا چاہئے کہ یہ لوگ علم نہیں رکھتے۔'' (6:9)

دیکھئے جو کتاب الٰہی مسلمانوں کو حکم دے رہی ہے کہ اس مشرک کو بحفاظت مقام امن تک پہنچا کر آؤ جس نے تمہارے پاس پناہ طلب کی تھی حالانکہ اس نے اسلام قبول نہیں کیا وہ کس طرح غیر مسلموں کے بے دریغ قتل عام کی اجازت دے سکتی ہے۔

مجھے خواہش ہے کہ کسی ایسے فوجی کمانڈر سے میری ملاقات ہو کہ اگر اس کا دشمن اس سے پناہ طلب کرے اور وہ حکم دے اس دشمن کو نہ صرف چھوڑ دو بلکہ اس کو وہاں تک پہنچا کر آؤ جہاں اس کی جان کو کوئی خطرہ نہ ہو(یہ متعصب مخالفین اسلام کا پرانا وطیرہ ہے کہ وہ غلط حوالے دے کر اپنے حلقہ اثر کے لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں)

Marfat.com

# کیا ذبح کرنے کا اسلامی طریقہ ظالمانہ ہے؟

سوال: مسلمان جانور کو بے رحمانہ طریقہ سے کیوں ذبح کرتے ہیں اور اس طرح اس کی جان آہستہ آہستہ نکالتی ہے اور وہ درد سے تڑپتا رہتا ہے۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک: غیر مسلموں کو مسلمانوں کے ذبیحہ پر بھی شدید اعتراض ہے اور وہ کسی نہ کسی بہانے اسے ہدف تنقید بناتے رہتے ہیں حالانکہ یہ حقیقت پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ اسلامی ذبیحہ نہ صرف رحم دلانہ بلکہ سائنسی لحاظ سے بہترین اور حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق ہے) ذیل میں دیئے گئے نکات اس کی وضاحت کرتے ہیں:

1۔ اسلام میں حکم ہے کہ جانور کو تیز دھار چھری اور تیزی سے ذبح کیا جائے تاکہ درد کا وقفہ کم سے کم ہو۔

2۔ ''ذبیحہ'' عربی لفظ ہے جس کا مطلب ہے ذبح کیا ہوا اور ذبح کے عمل میں گلا، نرخرہ اور شہ رگ کاٹی جاتی ہے لیکن حرام مغز کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

3۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ سر کو باقی جسم سے اس وقت الگ کیا جائے جب تمام خون جسم سے نچڑ جائے کیونکہ اگر خون گوشت کے اندر رہ جائے تو یہ جراثیم کی افزائش کے لئے بہترین جگہ فراہم کرتا ہے۔

4۔ (اسلامی طریقہ سے ذبح کئے ہوئے جانور کا گوشت دیر تک تازہ رہتا ہے کیونکہ جسم سے خون نچڑ جانے کے بعد اس پر جراثیم دیر سے حملہ آور ہوتے ہیں)

5۔ گردن میں موجود شریانیں فوری کٹ جانے سے دماغ کو خون کی فراہمی منقطع ہو جاتی ہے جس سے دماغ کا وہ حصہ کام کرنا بند کر دیتا ہے جس سے درد محسوس ہو سکتا ہے اور درد کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔ جان نکلنے کے دوران جانور کا تڑپنا اس طرح ٹانگیں چلانا اور جدوجہد کرنا درد کے سبب نہیں بلکہ یہ خون کی شدید کمی سے جسم کے عضلات کے سکڑنے اور پھیلنے کی وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ خون تیزی کے ساتھ جسم سے نکل رہا ہوتا ہے۔)

Marfat.com

# کیا مسلمانوں میں گوشت خوری انتہا پسندی کا باعث ہے؟

سوال: سائنس نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ خوراک انسانی رویہ پر اثر انداز ہوتی ہے پھر اسلام کیوں اپنے پیروکاروں کو گوشت خوری کی اجازت دیتا ہے کیونکہ حیوانی گوشت کا استعمال انسان کو تند خو اور تشدد پسند بناتا ہے۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک: اسلام نے صرف سبزی خور حیوانوں کا گوشت کھانے کی اجازت دی ہے۔ یہ بات درست ہے کہ خوراک انسانی رویہ کو متاثر کرتی ہے اسی لئے اسلام نے جنگلی اور گوشت خور درندوں کا گوشت ممنوع قرار دیا ہے مثلاً شیر، چیتا وغیرہ یہ وحشی جانور ہیں اور ان کا گوشت کھانے سے کسی انسان میں وحشیانہ عادات کا پیدا ہونا ممکنات میں سے ہے۔ جب کہ اسلام نے گائے، بکری، بھیڑ جیسے سبزہ خور جانوروں کا گوشت خوراک کا حصہ بنانے کی اجازت دی ہے۔ یہ تمام سبزہ خور جانور پر امن اور شریف الطبع ہیں اور ان کا گوشت کھانے والے مسلمان بھی ان کی طرح امن پسند اور صلح جو مزاج کے ہوتے ہیں۔

## قرآن کے مطابق نقصان دہ چیزیں ہی ممنوع کی گئی ہیں:

ایک مسلمان کو قرآن اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین یہ باور کرانے کے لئے کافی ہونے چاہئیں کہ یہ اللہ کی ہی رضا ہے کہ اس نے بعض جانوروں کا گوشت کھانا انسانوں کے لئے حلال اور بعض کا حرام قرار دیا ہے۔

قرآن کی سورۃ الاعراف میں ارشاد ہے:

يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ

وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) انہیں نیکی کا حکم دیتا ہے، بدی سے روکتا ہے، ان کے لئے پاک چیزیں حلال اور ناپاک چیزیں حرام کرتا ہے ......" (157:7)

ایک اور آیت میں فرمایا:

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

"جو کچھ رسول تمہیں دے وہ لے لو اور جس چیز سے وہ تم کو روک دے اس سے رک جاؤ......" (7:59)

Marfat.com

## وحشی درندوں کے گوشت سے متعلق فرمان نبویؐ:

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں مروی بعض مصدقہ احادیث کے مطابق بعض پرندوں اور جانوروں کا گوشت حرام کیا گیا ہے۔ ابن عباسؓ سے مروی ایک حدیث (صحیح مسلم۔ باب شکار اور ذبح 4752، سنن ابن ماجہ: باب 13 حدیث 3232 تا 3234) کے مطابق درج ذیل جانوروں کا گوشت حرام کر دیا گیا۔

(i) نوکدار اور تیکھے دانتوں والے جنگلی جانور یعنی گوشت خور درندے یعنی بلی اور کتے کی فیملی سے تعلق رکھنے والے جانور مثلاً شیر، بلی، کتے، بھیڑیا وغیرہ

(ii) کترنے والے جانور مثلاً چوہا، خرگوش، گلہری وغیرہ۔

(iii) رینگنے والے جانور مثلاً سانپ، مگرمچھ وغیرہ

(iv) شکاری پرندے مثلاً چیل، عقاب، کوا، الو وغیرہ یعنی مڑی ہوئی چونچوں والے پرندے جو پنجوں میں شکار دبوچ کر کھاتے ہیں۔

آپ کے علم کے لئے بتاتا ہوں کہ ایسی کوئی مصدقہ سائنسی شہادت نہیں کہ گوشت کھانے سے ہی کوئی شخص تندخو بن جاتا ہے۔

Marfat.com

Majah, Chapter 13, Haidth 3232 to 3239, prohibits eating of:

(i) Wild animals with canine teeth i.e., meat eating carnivorous animals. These animals belong to the cat and dog family like lion, tiger, cats, dogs wolves etc.

(ii) Certain rodents like mouse, rat, rabbit with claws etc.

(iii) Certain reptiles like snakes, alligators etc.

(iv) Birds of prey with talons or claws, like vulture, eagle, crow, owl etc.

For your knowledge, there is no scientific evidence that proves beyond doubt that eating non-vegetarians food makes one violent.

**(ii)The Qur'an says the bad things are prohibited:**

For a Muslim, statement of the Qur'an and the Prophet is sufficient to convince him that Allah does not wish the humans to eat meat of some animals while allows the others. The Qur'an says:

**"He (the Prophet peace and blessings be upon him) commands them for Al-Maruf (i.e., Islamic Monotheism and all that Islam has ordained, and forbids them from Al-Munkar (i.e., disbelief, polytheism of all kinds, and all that Islam has forbidden); he allows them as lawful *At-Tayyabat* (i.e., all good an lawful as regards things, deeds, beliefs, persons and foods.), and prohibits them as unlawful *Al-khabaith* (i.e., all evil and unlawful as regards things, deeds beliefs, person and foods)." (7:157)**

Anther verse of the Qur'an says:

**"…..And whatsoever the Messenger (Muhammad peace and blessings be upon him) gives you, take it, and whatsoever he forbids you, abstain (from it) (59: 7)**

**(iii)Saying of the Prophet regarding meat of carnivorous animals:**

According to various authentic Ahadith narrated in Sahih Bukhari and Sahih Muslim the meat of certain birds and animals has been prohibited. A Hadith narrated by Ibn Abbas in Sahih Muslim, Book of hunting and slaughter, No. 4752 and Sunan Ibn-i-

Marfat.com

(v) The swift cutting the vessels of the neck disconnects the flow of blood to the brain rendering it ceased to work and thus the animal does not feel pain. In the course of dying, the animal struggles, writhers and kicks but it is not due to pain. It is caused by the contraction and relaxation of the muscles deficient in blood after it flows out of the body.

## Eating of meat makes the Muslims violent

**Q:** It is the scientific evidence that the food effects the human behaviour. Why then does Islam allow its followers to have non-vegetarian food, since eating of animals could make a person violent and ferocious?

**Dr. Zakir Naik:**

**(i)Islam allows only meat of herbivorous animals:**

This is true that the food has effects on the behaviour of the users. This is one of the reasons why Islam prohibits eating of carnivorous animals like lion, tiger, leopard etc; as they are wild and violent animals eating of which would probably makes a person violent and ferocious. Islam has allowed eating of herbivorous animals like cow, goat, sheep etc.

All these animals are peaceful and docile and eating of them makes the Muslims peaceful and non-violent.

Marfat.com

# Islamic method of animal slaughter is ruthless

**Q:** Why do the Muslims slaughter the animal in a ruthless manner and leave it to die slowly and painfully?

**Dr. Zakir Naik:** *Zabiha* or the Islamic method of slaughtering animals is also a matter of great concern for certain non-Muslims and they continue criticizing it one way or the other. Whereas it has been established that the Islamic method of animal slaughter is not only based on mercy but also scientifically best and hygienic.

Here are some points to support it:

(i) The animal is required to be slaughtered with a sharp knife and fastly to minimize the pain of slaughter.

(ii) *Zabiha* is an Arabic word which means "slaughtered". The slaughtering is to be done by cutting the throat, windpipe and the blood vessels in the neck causing the animal's death without cutting the spinal cord.

(iii) Blood must be sured to drain completely before the head is separated from the body. The blood, if not drained could serve as a good medium of culture for micro organisms.

(iv) Meat slaughtered by Islamic way remains fresh for a longer time due to complete drainage of blood.

It is of Arun's devilishness that after extracting meanings of his purpose, he, on page 572, jumps to verses 7,8 from verse 5, skipping verse, 6. I tell you, why? The very answer is in verse 6, which says:

**"Any if any one of the *Mushrikun* (pagan, polytheists, idolaters, disbelievers in the Oneness of Allah) seeks your protection, then grant him protection so that he may hear the Word of Allah (the Qur'an) and then escort him to where he can be secure, that is because they are men who know not." (9:6)**

How the book which makes its followers bound to escort the unbelievers to the place of safety even if they do not accept Islam, can order indiscriminate killing of them. I want to know about that army commander who says today that if the enemy wants peace, do not leave him unsafe only but escort him to safety.

This is old habit of anti-Islam elements that they misquote the things and try to misguide the people in their circle of influence.

Marfat.com

**repent and perform As-Salat, and give Zakat, then leave their way free." (9:25)**

Arun Shourie quotes this verse and mischievously puts "Hindus" in bracket after unbelievers indicating that the Qur'an commands the Muslims to slay the Hindus, wherever they find them but if they accept Islam let them go.

Again he is quoting out of context. Actually this reference begins form verse I relating to the treaty between the Muslims and the pagans. And Allah gives them warning that if they do not put the things straight in four sacred months, the declaration of war is imminent. And what the verse says that "kill the pagans wherever you find them" is about the strategy the Muslims are advised to act upon during the war.

The question is which of the parties at war can afford not to execute the plan to kill the enemies wherever find them. Take the example of the time when America was at war with Vietnam and suppose, then American President ordered his soldiers to shoot the Vietnamese wherever they were found, how it looks if we quote now the President's orders and say, look, American President is ordering to kill the Vietnamese. No doubt all will say, this is butchery but this is not unnatural in war. This is part of the war plan to kill the enemy as more as possible. So we can not blame the Qur'an if it says that.

(ii)The Qur'an also orders to give asylum to the unbelievers

Marfat.com

If you read the context it starts from Surah Fateh which says:

**"They are the ones who disbelieved (in Oneness of Allah, Islamic Monotheism) and hindered you from Al-Masjid-i-al-Harm (at Makkah) and detained the sacrificial animals from reaching their place of sacrifice." (48:25)**

The unbelievers prevented the Muslims from performing the pilgrimage. My question is if any Christian is prevented from entering the Vatican City, will he love the preventer? Similarly if a Hindu is prevented from the sacred city of Banaras, will he like it? Naturally not, and in the same way the Qur'an says that the Muslims are firm against those who prevented them from entering the Ka'bah and also prevented them from sacrificing the animals and love their fellow Muslims.

(i)The case when the killing of the unbelievers is permissible

Arun Shourie, in his latest book "Word of Fatwas, Shariah in Action," refers quoting out of context, on pages 571 and 572, to his "favourite" verse, of Surah Toubah Repentance, which says:

**"Then when the sacred Months (the 1st, 7th, 11th and 12th months of the Islamic calendar) have passed, then kill the Mushrkun, wherever you find them, and capture them and besiege them, and lie in wait for them in each and every ambush. But if they**

Marfat.com

One may ask which war took place in this century which converted millions of people to Islam?

**13. Islam is the fastest growing religion in America and Europe:**

Today the fastest growing religion in America and Europe is Islam. Which sword is forcing people in the West to accept Islam in such large number?

**14. Dr. Joseph Adam Pearson:**

Dr. Joseph Adam Pearson rightly says. "People who worry that nuclear weaponry will one day fall in the hands of the Arabs, fail to realize that the Islamic bomb has been dropped already, it fell the day Muhammad (peace and blessings be upon him) was born."

## Arun shourie's imprudent conclusions

**Q:** Would you like to answer Arun Shourie's allegation that the Qur'an provokes killing of non-Muslims?

**Dr. Zakir Naik:** Yes he has mischievously quoted incomplete verse and tried to extract the meaning of his own. The verse he refers is from Surah Fateh:

**"Muhammad, peace and blessings be upon him, is the Messenger of Allah. And those who are with him are severe against disbelievers, and merciful among themselves." (48:29)**

He quotes out of context to give the impression that we, the Muslims are merciless against the disbelievers.

Marfat.com

as yet. One man alone of the whole world believes it, there is one man against all men. If he takes a sword and try to propagate with that, will do little for him. You must get your sword! On the whole, a thing will propagate itself as it can.'

## 10. No compulsion in religion:

With which sword was Islam spread? Even if Muslims had it they could not use it to spread Islam because the Qur'an says in the following verse:

**"There is no compulsion in religion. Verily the Right Path has become distinct from the wrong path". (2:356)**

## 11. Sword of the Intellect Works:

It is the sword of intellect, which conquers the hearts and minds of people. The Qur'an says in Surah Nahl,

**"Invite O Muhammad, peace and blessings be upon him, to the way of your Lord (i.e. Islam)**
**With wisdom and fair preaching;**
**And argue with them in a way that is better" (16:125)**

## 12. Increase in the world religions from 1934 to 1984:

An article in Reader's Digest 'Almanac', year book 1986, gave the statistics of the increase of in the major religions of the world in half a century from 1934 to 1984. This article also appeared in 'The Plain Truth' magazine. At the top was Islam, which increased by 235%, and Christianity had increased only by 47%.

1400 years. Yet today, there are 14 million Arabs who are Coptic Christians i.e. Christians since generations. If the Muslims had used the sword there would not have been a single Arab who would have remained Christian.

**6. More than 80% non-Muslims in India:**

The Muslims ruled India for about a thousand years. If they wanted, they had the power of converting each and every non-Muslim of India to Islam. Today more that 80% of the population of India is non-Muslim and is a living witness that Islam was not spread by the sword.

**7. Indonesia and Malaysia:**

Indonesia is a country that has the maximum number of Muslims in the world. The majority of people in Malaysia are Muslims and one may ask, 'Which Muslim army went to Indonesia and Malaysia?''

**8. East Coast of Africa:**

Similarly, Islam has spread rapidly on the East Coast of Africa. One may again ask, if Islam was spread by the sword, which Muslim army went to the East Coast of Africa?''

**9. What Thomas Carlyle says:**

The famous historian, Thomas Carlyle, in his book 'Heroes and Hero Worship', refers to this misconception about the spread of Islam: 'The sword indeed, but where will you get your sword? Every new opinion, at its starting is precisely in a minority of one. The new idea is one man's head alone where it dwells

Marfat.com

that we have the police that use force against criminals and antisocial elements to maintain peace in the country. Islam promotes peace and at the same time, Islam exhorts it followers to fight where there is oppression. The fight against oppression may, at times, requires the use of force. In Islam force can only be used to promote peace and justice.

### 3. Opinion of historian De Lacy O'Leary:

The best reply to the misconception that Islam was spread by the sword is given by the noted historian De Lacy O'Leary in the book 'Islam At The Cross Road' (page8):

'History makes it clear however, that the legend of fanatical Muslims sweeping through the world and forcing Islam at the point of the sword upon conquered races is one of the most fantastically absurd myth that historians have ever repeated'.

### 4. Muslims ruled Spain for 800 years but did not use force for Islam:

Muslims ruled Spain for about 800 years. The Muslims in Spain never used the sword to force the people to convert. Later the Christian Crusaders came to Spain and wiped out the Muslims. There was not a single Muslim in Spain who could openly say the Adhan, that is the call for prayers.

### 5. 14 Million Arabs are Coptic Christians:

Muslims were the lords of Arabia for 1400 years except a few years of the British and a few years the French rule. Overall, the Muslims ruled Arabia for

Marfat.com

throughout the world. Thus every Muslim should be a fundamentalists i.e. he should follow the fundamentals of the religion of peace, Islam. He should be a terrorist only towards the antisocial elements in order to promote peace and justice in the society.

## Was Islam spread by the sword?

**Q:**How can Islam be called the religion of peace when it was spread by the sword?

**Dr. Zakir Naik:**It is a common belief among some non-Muslims that Islam would not have millions of adherents all over the world, if it had not been spread by the use of force. The following points will make it clear, that far from being spread by the sword, it was the inherent force of truth, reason and logic that was responsible for the rapid spread of Islam.

**1. Islam means peace:**

Islam literally means peace. It also means submitting one's will to Allah (swt). Thus Islam is a religion of peace, which is acquired by submitting one's will to the Will of the Supreme Creator, Allah (swt).

**2. Sometimes force has to be used to maintain peace:**

All human beings in this world have individual nature and not all are in favour of maintaining peace and harmony. There are many, who would disrupt it for their own vested interests. Some times force has to be used to maintain peace. It is precisely for this reason

Marfat.com

used for a person who causes terror among the common people. But a true Muslim should only be a terrorist to selective people i.e. antisocial elements and not to the common innocent people. In fact a Muslim should be a source of peace for innocent people.

**6. Different labels given to the same individual for the same action, i.e. 'terrorist' and 'patriot':**

Before India achieved independence from British rule some freedom fighters of India who did not surrender to British rule were labeled as terrorists by the British government. The same individuals have been lauded by Indians for the same activities and hailed as 'patriots'. Thus two different labels have been given to the same people for the same set of actions. One is calling them terrorists while the other is calling them patriots. Those who believed that Britain had a right to rule India called these people terrorists, while those who were of the view that Britain had no right to rule India called them patriots and freedom fighters.

It is therefore important that before a person is judged, he is given a fair hearing. Arguments of both sides should be heard and then the situation should be analyzed, the reason and the intention of the person should be taken into account and then the person can be judged accordingly.

**7. Islam promotes peace:**

Islam is derived from the word 'salam' which means peace. It is a religion of peace whose fundamentals teach its followers to maintain and promote peace

Marfat.com

mind, one cannot escape the fact that Islam is full of benefits both at the individual and collective levels.

**4. Fundamentalism was initially used for Christians:**

According to Webster's dictionary 'fundamentalism' was a movement in American Protestantism that arose in the earlier part of the 20th century. It was a reaction to modernism and stressed the infallibility of the Bible, not only in matters of the faith and morals but also as a literal historical record. It stressed on belief in the Bible as the literal word of God. Thus fundamentalism was a word initially used for a group of Christians who believed that the Bible was the verbatim word of God without any errors and mistakes.

According to the Oxford dictionary 'Fundamentalism' means 'strict maintenance of ancient or fundamental doctrines of any religion, especially Islam'. Today the word fundamentalism has been associated with the Muslims and also the terrorism has been linked to Islam.

**5. Every Muslim should be a terrorist:**

Every Muslim should be a terrorist but how? A terrorist is a person who causes terror. The moment a robber sees a policeman he is terrified. A policeman is a terrorist for the robbers. Similarly every Muslim should be a terrorist for the antisocial elements of society, such as thieves dacoits and rapists. Whenever such an antisocial element sees a Muslim, he should be terrified. It is true that the word 'terrorist' is generally

Marfat.com

practise the fundamentals of mathematics. He should be a fundamentalist in the field of mathematics. For a person to be a good scientist, he should know, follow and practise the fundamentals of science. He should be a fundamentalist in the field of science.

**2. Not all 'fundamentalists' are the same:**

One cannot paint all fundamentalists with the same brush nor can be categorized all fundamentalists as either good or bad. Such categorization of any fundamentalists will depend upon the field or activity in which he is a fundamentalist. A fundamentalist robber or thief causes harm to society and is therefore undesirable. A fundamentalist doctor, on the other hand, benefits society and earns great respect.

**3. I am proud to be a Muslim fundamentalist:**

I am a fundamentalist Muslim and by the grace of Allah, know, follow and strive to practise the fundamentals of Islam. A true Muslim does not shrink from being a fundamentalist. I am proud to be a fundamentalist Muslim because, I know that the fundamentals of Islam are beneficial to humanity and the whole world. There is not a single fundamental of Islam that causes harm or is against the interests of the human race as a whole. Many people harbour misconceptions about Islam and consider several teachings of Islam to be unfair or improper. This is due to insufficient and incorrect knowledge of Islam. If one critically analyzes the teachings of Islam with an open

Marfat.com

# Muslims are fundamentalists and terrorists

**Q:** Why most of the Muslims are fundamentalists and terrorists?

**Dr. Zakir Naik:** This question is often hurled at Muslims, either directly or indirectly, during any discussion on religion or world affairs. Mostly stereotype questions are perpetuated at the media accompanied by gross misinformation about Islam and Muslims. In fact, such misinformation and false propaganda often leads to discrimination and acts of violence against Muslims. A case in point is the anti-Muslim campaign in the American media following the Oklahoma bomb blast, where the press was quick to declare a 'Middle Eastern conspiracy' behind the attack. The culprit was later identified as a soldier from the American armed forces.

Let us analyze this allegation of 'fundamentalism' and 'terrorism':

## 1. Definition of the word 'fundamentalist':

A fundamentalist is a person who follows and adheres to the fundamentals of the doctrine or theory he is following. For a person to be a good doctor, he should know, follow and practise the fundamentals of medicine. In other words, he should be a fundamentalist in the field of medicine. For a person to be a good mathematician, he should know, follow and

Marfat.com

# Questions and Answers

# Islam asks its followers to be merciful to the animals

Islam does not allow any harm to even the animals be done and promises rewards for it. The Prophet, peace and blessings be upon him, once told his companions that a prostitute was guided and sent to paradise because she gave water to a dog dying of thirst, while another woman who was devout Muslim was condemned to the torments of hell because she left a cat to die of hunger. (Bukhari, Anbia, 54).

Similarly, some companions took away chicks of a bird while on a military campaign. The mother bird became restless when she returned to her nest and did not find her chicks. She flew over the Muslim troops in search of chicks, screeching. When the matter came into Prophet's notice he got displeased and ordered the chicks to be put back in the nest. (Abu Dawud, Adab 164, Jihad 112).

